Web: https://www.dailysadaepakistan.com , Email: dailyspak.isb@gmail.com

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن حکومت پاکستان تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بہاولپور اور راولپنڈی سے بیک وقت شائع ہونے والا اسلام آباد روزنامہ

Daily **SADA-E-PAKISTAN** Rawalpindi

روزنامہ صدائے پاکستان راولپنڈی

بانی: رانا عبدالسلام مرحوم
چیف ایڈیٹر: رانا عدنان

جلد 06 | سوموار 21 اگست 2023ء بمطابق 03 صفر المظفر 1445ھ قیمت 10 روپے زر سالانہ 3000 روپے | شمارہ 102

عذاب شدید کا دروازہ

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر عذاب شدید کا دروازہ کھول دیا تو اس وقت وہاں ناامید ہو گئے O اور وہی تو ہے جس نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے (لیکن) تم کم شکرگزاری کرتے ہو O اور وہی تو ہے جس نے تم کو زمین میں پیدا کیا اور اسی کی طرف تم جمع ہو کر جاؤ گے O

(سورۃ المومنون 23 — ترجمہ آیت (77-79)) — (قرآنی آیات اور احادیث نبوی ﷺ کا احترام آپ پر لازم ہے)

عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، بلیغ الرحمن

دریائے ستلج میں ممکنہ سیلاب سے نبرد آزما ہونے کے لئے ضلعی انتظامیہ بشمول تمام حکومتی ادارے مکمل طور پر متحرک ہیں۔ دریائے ستلج کے سیلابی پانی کے پہلے ریلے سے ضلعی انتظامیہ موثر حکمت عملی سے نبرد آزما ہوئی ہے

ممکنہ سیلاب سے نبرد آزما ہونے کے لئے ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کی جانب سے موثر منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ دریائی علاقوں کے مکین پریشان نہ ہوں اور انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کو یقینی بنائیں تاکہ انہیں مکمل طور ریلیف فراہم کرتے ہوئے ان کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے

دریائی علاقہ کی آبادیوں کو ان کے مال مویشیوں سمیت محفوظ علاقوں کی طرف منتقل کیا جا رہا ہے۔ گورنر پنجاب کی ضلع بہاولپور کے دریائی علاقہ ماڑی قاسم شاہ اور موچی والا بند کے دورہ کے موقع پر عمائدین علاقہ سے گفتگو

بہاولپور (اسٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمن نے کہا ہے کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ دریائے ستلج میں ممکنہ سیلاب سے نبرد آزما ہونے کے لئے ضلعی انتظامیہ بشمول تمام حکومتی ادارے مکمل طور پر متحرک ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع بہاولپور کے دریائی علاقہ ماڑی قاسم شاہ اور موچی والا بند کے دورہ کے موقع پر عمائدین علاقہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سابق ایم پی اے ملک ظہیر اقبال چنڑ اور میاں شاہد اقبال سمیت کمشنر بہاولپور ڈویژن ڈاکٹر احتشام انور (بقیہ نمبر 34)

جڑانوالہ واقعہ، نگران پنجاب حکومت کا متاثرین کیلئے 20 لاکھ فی گھر امداد کا اعلان

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے جڑانوالہ واقعہ کے متاثرین کیلئے 20، 20 لاکھ روپے فی گھر امداد کا اعلان کر دیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی کیلئے جڑانوالہ کے علاقے عیسیٰ نگر پہنچے

متاثرہ چرچ اور گھروں کا جائزہ لیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب کے دورے کے دوران سکیورٹی ہائی الرٹ رہی۔ نگران صوبائی وزراء بھی محسن نقوی کے ہمراہ تھے۔ نگران وزیراعلیٰ نے اے ای سی چرچ کا دورہ کیا

لاہور (نیوز رپورٹ) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے جڑانوالہ واقعہ کے متاثرین کیلئے 20، 20 لاکھ روپے فی گھر امداد کا اعلان کر دیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی کیلئے جڑانوالہ کے علاقے عیسیٰ نگر پہنچے جہاں انہوں نے متاثرہ چرچ اور گھروں کا جائزہ لیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب کے دورے کے دوران سکیورٹی ہائی الرٹ رہی۔ نگران صوبائی وزراء بھی محسن نقوی (بقیہ نمبر 20)

صدر مملکت عملے کو الزام دینے کے بجائے اپنے عمل کے وہ خود ذمہ دار ہیں، وزارت قانون

صدر مملکت کو اپنے عمل کی ذمہ داری خود لینی چاہیے۔ آرمی ترمیمی بل اور آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل کی منظوری سے متعلق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی ٹویٹ پر وزارت قانون و انصاف کا ردعمل سامنے آیا ہے

وزارت قانون و انصاف کے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 75 کے مطابق جب کوئی بل منظوری کے لیے بھیجا جاتا ہے تو صدر مملکت کے پاس دو اختیارات ہوتے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزارت قانون و انصاف نے صدر مملکت کی ٹویٹ پر کہا ہے کہ انہوں نے اپنے ہی عملے کو مورد الزام ٹھہرانے کا انتخاب کیا۔ صدر مملکت کو اپنے عمل کی ذمہ داری خود لینی چاہیے۔ آرمی ترمیمی بل اور آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل کی منظوری سے متعلق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی ٹویٹ پر وزارت قانون و انصاف کا ردعمل سامنے آیا ہے۔ وزارت قانون و انصاف کے (بقیہ نمبر 21)

حادثہ مسافر بس کے ڈرائیور کے سو جانے کے باعث پیش آیا، بس کو آگ پک اپ سے ٹکرانے سے لگی، ڈی پی او حافظ آباد

جھلسنے والے مسافروں کی شناخت کا عمل بھی جاری، حادثے میں جاں بحق ہونے والے 15 مسافروں کو تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال میں شفٹ کر دیا گیا

حافظ آباد، ٹریفک حادثے کی شکار بس میں آتشزدگی، 18 مسافر جاں بحق

بس حادثے میں زخمی ہونے والوں میں 26 سالہ عمر تعلق فیصل آباد، عالیہ عمر 25 سال، ادا عمر 18 سال، ساجد عمر 25 سال، صابر عمر 39 سال، نذر عمر 34 سال، مجیرہ عمر 10 سال، مسانیا عمر 14 سال، ذیشان عمر 20 سال جبکہ شان کی عمر 15 سال ہے شامل ہیں

بس حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں ایک ہی خاندان کے 6 افراد بھی شامل ہیں، بدقسمت فیملی کا تعلق جلالپور بھٹیاں سے ہے، فیملی میں میاں بیوی دو بچوں سمیت چھ افراد شامل تھے میاں بیوی، ایک بیٹی اور بیٹا جاں بحق جبکہ دو بچیاں زخمی ہو گئیں

حافظ آباد (نیوز رپورٹ) پنڈی بھٹیاں ایم فور کے قریب مسافر بس ڈرائیور کے سو جانے کے سبب پک اپ سے ٹکرا گئی اور اس میں آگ (بقیہ نمبر 22)

جڑانوالہ: نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے چرچ کے دورے کے بعد سکول میں قائم ریلیف کیمپ میں متاثرہ خاندان کے بزرگ کو دلاسہ دے رہے ہیں۔

بغیر دستخط کے قانون کا نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوتا، جسٹس شائق عثمانی

جب تک دستخط کے حوالے سے کوئی بات ثابت نہیں ہو جاتی تو یہ قانون رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کی جانب سے آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ترمیمی بل پر دستخط کی تردید کے معاملے پر جسٹس ریٹائرڈ شائق عثمانی نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 24)

نگران وزیراعظم سے سینیٹر ارباب عمر کاسی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے سینیٹر ارباب عمر کاسی (بقیہ نمبر 23)

سائفر گمشدگی کیس، شاہ محمود قریشی کا ایک روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

سائفر گمشدگی کیس میں سابق وزیر خارجہ اور پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی کا ایک روز کا جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا

شاہ محمود قریشی کو ڈیوٹی جج احتشام عالم کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ شاہ محمود قریشی کے ریمانڈ کی سماعت کو عدالت نے ان کیمرہ ڈکلیئر کیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) سائفر گمشدگی کیس میں سابق وزیر خارجہ اور پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی کا ایک روز کا جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا۔ اسپیشل کورٹ نے کل متعلقہ عدالت میں پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔ شاہ محمود قریشی کو ڈیوٹی جج احتشام عالم کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ شاہ محمود (بقیہ نمبر 25)

پاک فوج کی جانب سے وزیرستان میں نوجوانوں کیلئے البدر آئی ٹی سینٹر قائم

آئی ٹی سینٹر میں بنیادی تعلیم، ڈپلومہ، آفس آٹومیشن، ای کامرس اور فری لانسنگ بھی سکھائی جائے گی

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کی جانب سے وزیرستان میں نوجوانوں کیلئے البدر آئی ٹی سینٹر قائم کیا گیا ہے۔ اس آئی ٹی سینٹر میں بنیادی تعلیم، ڈپلومہ، آفس آٹومیشن، ای کامرس اور فری (بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ محسن نقوی ریلیف کیمپ میں موجود ہر متاثرہ مسیحی خاندان کے پاس گئے، دلاسہ دیا، متاثرین کا حکومتی اقدامات پر اطمینان کا اظہار

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی صوبائی وزراء کے ہمراہ (بقیہ نمبر 26)

سائفر کیس میں تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر بھی گرفتار؟

پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر اسد عمر کے وکیل نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے مؤکل کو سائفر کیس میں گرفتار کر لیا گیا ہے

دوسری جانب پولیس اور وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے اسد عمر کی گرفتاری کی تصدیق کرنے سے انکار کر دیا ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما شاہ محمود قریشی کے بعد اسد عمر کو بھی سائفر کیس میں گرفتار کر لیا گیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر اسد عمر کے وکیل نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے مؤکل کو سائفر کیس میں گرفتار کر لیا گیا ہے۔ دوسری جانب پولیس اور وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) (بقیہ نمبر 28)

بلاول بھٹو زرداری کی جنوبی وزیرستان میں روڈ پر نصب بم دھماکہ کی مذمت

شوال میں غریب مزدوروں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا بربریت ہے، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے جنوبی وزیرستان میں روڈ پر نصب بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شوال میں غریب (بقیہ نمبر 29)

الیکشن کا معاملہ آئین سے زیادہ اقتصادی اور سیاسی بن گیا ہے، شیخ رشید

اگر ایک مہینے میں ہی 37 روپے پیٹرول کی قیمت بڑھ جائے، چینی اور آٹے کی فی کلو قیمت ایک ہو جائے اور بجلی کا بنیادی یونٹ 55 روپے فی یونٹ پر چلا جائے تو کوئی حکومت [illegible]

اقتصادی اور معاشی حالات سنگین اور گھمبیر ہوتے جا رہے ہیں، مسئلہ عوام کو تکلیف دینا نہیں ریلیف دینا ہے، غریب کا چولہا نہیں چل رہا

راولپنڈی (نیوز رپورٹ) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ الیکشن کا معاملہ آئین سے زیادہ اقتصادی (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: وزیر اطلاعات و نشریات مرتضیٰ سولنگی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

مزدور جاں بحق، شمالی وزیرستان میں دہشت گردانہ حملے کے بارے میں جان کر دل دہل گیا ہے، نگران وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ شمالی (بقیہ نمبر 31)

شمالی وزیرستان میں مزدوروں کی گاڑی میں دھماکے سے 11 محنت کش جاں بحق

تین افراد لاپتہ اور دو شدید زخمی ہوئے جن کی حالت تشویشناک ہے۔ ڈی ایس پی تھانہ شوال شیر اللہ کے مطابق گاڑی میں کل 16 مزدور سوار تھے

زخمیوں میں عمر زاہد، عمر آیاز شامل ہیں۔ جاں بحق ہونے والوں کا تعلق جنوبی وزیرستان سے ہے، جن کی لاشوں کو آبائی علاقے منتقل کر دیا گیا ہے

شمالی وزیرستان (نیوز رپورٹ) شمالی وزیرستان کی تحصیل شوال میں مزدوروں کو لانے والی گاڑی میں دھماکے سے گیارہ مزدور جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق دھماکہ شمالی وزیرستان کی تحصیل شوال کے علاقے گل میر کوٹ کے قریب ایک گاڑی میں ہوا۔ جس کے نتیجے میں 11 مزدور جاں بحق ہوئے جبکہ (بقیہ نمبر 32)

ریاست مکمل طور پر اقلیتوں کا تحفظ کرنے میں ناکام، اکرم گل

سانحہ جڑانوالہ کے ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے، سابق وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر برائے اقلیتی امور اکرم مسیح گل نے سانحہ جڑانوالہ کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست مکمل طور پر اقلیتوں کا تحفظ کرنے میں (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: نگران وزیر مواصلات شاہد اشرف تارڑ [illegible] Isb-Pw کے کاموں کا جائزہ لینے کے موقع پر [illegible] موٹروے M-1 [illegible]

سانحہ جڑانوالہ کی مکمل تحقیقات و متاثرین کی بحالی کیلئے 24 رکنی کمیٹی کا اعلان کر دیا گیا

کمیٹی کی سربراہی مشترکہ طور پر حافظ محمد طاہر محمود اشرفی اور بشپ آزاد مارشل کریں گے

لاہور (این این آئی) سانحہ جڑانوالہ کی مکمل تحقیقات، متاثرین کی بحالی کیلئے، ملک میں بین المسالک و بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ اور انتہا پسندانہ رویوں کے خاتمے کیلئے (بقیہ نمبر 40)

صدر کے بیان کی وجہ سے قانون سے زیادہ حقائق پر سوالات اٹھے، سینیٹر رضا ربانی

صدر کے الزامات سنگین نوعیت کے ہیں، جس کے نظام پر دوررس اثرات ہوں گے، سینیٹر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر رضا ربانی نے کہا ہے کہ صدر مملکت کے بیان کی وجہ سے قانون سے زیادہ حقائق پر سوالات اٹھے ہیں، حقائق جاننے کیلئے جوڈیشل انکوائری (بقیہ نمبر 39)

اسحاق ڈار نے صدر مملکت کا بیان مبالغہ آرائی کے مترادف قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر اور سابق وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا بیان مبالغہ آرائی کے مترادف قرار دیدیا ہے۔ ایک بیان میں اسحاق ڈار نے کہا کہ صدر علوی کا [illegible] اس ناقابل یقین صورتحال کا کم از کم اخلاقی تقاضا ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 41)

صدر کو ایوان صدر کے اہلکاروں کے خلاف فوجداری اور تادیبی کارروائی شروع کرنی چاہیے، قانونی ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) قانونی ماہرین نے آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل 2023 اور (بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد: سینیٹر ارباب عمر نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے ملاقات کر رہے ہیں۔

سعودی وزیر حج و عمرہ توفیق بن فوزان الربیعہ پاکستان پہنچ گئے

نگران وفاقی وزیر مذہبی امور انیق احمد اور سعودی سفیر نے استقبال کیا

اسلام آباد (این این آئی) سعودی وزیر حج و عمرہ توفیق بن فوزان الربیعہ پاکستان پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق سعودی وزیر حج و عمرہ توفیق بن فوزان الربیعہ کے پاکستان پہنچنے پر نگران وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 42)

لاہور: انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سنٹرل پولیس آفس کا دورہ کرنے والے سندھ پولیس کے زیر تربیت افسران سے خطاب کر رہے ہیں۔

عارف علوی نے صدر کے عہدے کو بے توقیر کر دیا، آصف کرمانی

عارف علوی زیادہ ہوشیاری و چالاکی نہ دکھائیں، پی ٹی وی پر حملے کا بھی مرکزی کردار ہیں، سینیٹر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر آصف کرمانی نے کہا ہے کہ عارف علوی نے صدر مملکت کے عہدے کو بے توقیر کر دیا ہے۔ جاری بیان میں آصف کرمانی نے کہا کہ صدر کا عہدہ سنجیدگی اور [illegible] کی علامت ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عارف علوی نے صدر مملکت کے عہدے (بقیہ نمبر 38)

صدر مملکت، نگران وزیراعظم، وفاقی وزراء اور سیاسی رہنماؤں کا مسافر بس میں آتشزدگی کے نتیجے میں قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، وفاقی وزراء اور سیاستدانوں نے پنڈی بھٹیاں کے قریب مسافر بس میں آتشزدگی کے نتیجے میں قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس کیا ہے۔ ایوان صدر پریس ونگ کی طرف سے جاری تحریری بیان میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے انسانی جانوں کے ضیاع پر (بقیہ نمبر 37)

جڑانوالہ: چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبد الخبیر آزاد کے ہمراہ کرسچن کالونی عیسیٰ نگری کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

وزیر ٹرانسپورٹ کا ایم 4 موٹروے پر ہونیوالے بس حادثے کا نوٹس

حادثے کے ذمہ داران کو مکمل تحقیقات کے بعد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، ابراہیم مراد

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر محکمہ ٹرانسپورٹ پنجاب ابراہیم مراد نے ایم 4 موٹروے پر ہونے والے بس حادثے کا نوٹس لے لیا۔ بس حادثے کے ذمہ داران کو مکمل تحقیقات (بقیہ نمبر 36)

چین نے پاکستانی خشک مرچ کی درآمد کی باضابطہ منظوری دیدی

یہ اقدام وسیع چینی مارکیٹ میں پاکستانی مرچ کے داخلے کی نشاندہی کرتا ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) چین نے پاکستانی خشک مرچ کی درآمد کی باضابطہ منظوری دیدی، خاص طور پر پاکستان میں اگائی جانے والی کیپسیکم اینم ایل پلانٹ سے مرچوں سے متعلق (بقیہ نمبر 35)

لاہور: امیر جماعت اسلامی سراج الحق منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

صدر مملکت نے ٹوئٹ کر کے ریاست کو شرمندہ کرنے والا کام کیا، رانا ثناء اللہ

صدر کو ٹوئٹ کرنے کی بجائے اس کی انکوائری کرا کے ذمہ داری فکس کرنی چاہیے تھی، کوئی زبردستی دستخط کرا سکتا ہے نہ جعلی دستخط ہو سکتے ہیں

بلوں کو مقررہ وقت پر واپس نہیں کیا گیا، جب ایکٹ کا درجہ اختیار کر لیا تو اس کے پیچھے چھپنا چاہتے ہیں، سابق وزیر داخلہ و سینئر لیگی رہنما کی گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق وزیر داخلہ و مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ صدر مملکت نے ٹوئٹ کر کے ریاست کو شرمندہ کرنے والا کام کیا ہے، اس اقدام سے نہ صرف اس منصب کی توہین کی گئی ہے بلکہ ریاست کو ایک مشکل اور آئینی بحران میں مبتلا کر دیا گیا ہے، صدر کو ٹوئٹ کرنے کی بجائے اس کی انکوائری کرا کے (بقیہ نمبر 45)

سانحہ جڑانوالہ کے ملزمان کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، عامر میر

94 خاندانوں کو گھروں کے نقصان کے ازالے کیلئے 20 لاکھ روپے فی کس حساب سے 48 گھنٹوں میں ادا کر دیا جائیگا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر نے کہا ہے کہ پنجاب کابینہ نے وزیراعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت ایک چرچ میں ہونے والے اجلاس کے دوران اس عزم کا (بقیہ نمبر 44)

الیکشن کمیشن اپنے فیصلے پر نظرثانی کرے، فوری انتخابات کا اعلان کرے، سراج الحق

حکومت نے مدت پوری کر لی، آئین کے مطابق 90 روز میں الیکشن ہونا چاہئیں، آرٹیکل 224 کی کچھ دفعات کا سہارا لے کر الیکشن کا اعلان نہیں کیا گیا

پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی نے الیکشن کو ملتوی یا موخر کرنے کی سازش کی، الیکشن کمیشن اپنے فیصلے پر نظرثانی اور فوری انتخابات کا اعلان کرے

لاہور (نیوز رپورٹ) امیر جماعت اسلامی نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن اپنے فیصلے پر نظرثانی اور فوری انتخابات کا اعلان کرے۔ سراج الحق نے منصورہ (بقیہ نمبر 46)

شاہد اشرف تارڑ کا مسافر بس میں آتشزدگی میں قیمتی جانوں کے نقصان پر اظہار افسوس، واقعہ کی تحقیقات کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر مواصلات شاہد اشرف تارڑ نے فیصل آباد ملتان موٹروے ایم 4 پر مسافر بس میں آتشزدگی کے اس افسوسناک حادثے میں قیمتی (بقیہ نمبر 47)

روات: [illegible] گرڈ اسٹیشن روات میں KV500 [illegible] کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں۔

صدر مملکت نے ریاستی نظام میں پہلے سے مہلک انفیکشن کو بے نقاب کر دیا، تحریک انصاف

آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ میں ترامیم کے مسودوں پر دستخطوں کے حوالے سے پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے صدر مملکت کے ٹویٹ پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا ہے

صدر مملکت کی ٹویٹ ہر لحاظ سے غیر معمولی، تشویشناک اور ہولناک تصور ہے، صدر مملکت کی ٹویٹ کے بعد پوری قوم میں بے چینی اور اضطراب کی سنگین لہر نے جنم لیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے کہا ہے کہ سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ بلوں پر صدر مملکت کے دستخط [illegible] آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ میں ترامیم (بقیہ نمبر 49)

اسلام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی بات، احترام انسانیت کا حکم دیتا ہے، عبد الخبیر آزاد

جڑانوالہ میں مسیحی برادری کی عبادت گاہوں اور ان کے مکانوں کو جلانا غیر شرعی عمل ہے، [illegible]

لاہور/جڑانوالہ (این این آئی) چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا سید محمد عبد الخبیر آزاد نے کہا ہے کہ اسلام اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ (بقیہ نمبر 48)

لاہور: صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ ابراہیم مراد لاہور کے [illegible] حالات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ترمیمی بلز پر دستخط نہیں کیے، صدر مملکت

میں نے اپنے عملے سے کہا کہ وہ بغیر دستخط شدہ بلوں کو مقررہ وقت کے اندر واپس کریں تاکہ انہیں غیر مؤثر بنایا جا سکے، میں نے ان سے کئی بار تصدیق کی کہ آیا وہ واپس جا چکے ہیں اور مجھے یقین دلایا گیا کہ وہ جا چکے ہیں

آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ترمیمی بلز پر دستخط نہیں کیے، میں اللہ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے آفیشل سیکرٹس ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط نہیں کیے

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ترمیمی بلز پر دستخط نہیں کیے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں صدر پاکستان ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ میں اللہ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے آفیشل سیکرٹس ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط نہیں کیے کیونکہ میں ان قوانین سے متفق نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے عملے سے کہا کہ وہ بغیر دستخط شدہ بلوں کو مقررہ وقت کے اندر واپس کریں تاکہ انہیں غیر مؤثر بنایا جا سکے، میں نے ان سے کئی بار تصدیق کی کہ آیا وہ واپس جا چکے ہیں اور (بقیہ نمبر 16)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

روزنامہ صدائے پاکستان

بہاولپور
راولپنڈی

بروقت انتخابات، خارج از امکان

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے نئی مردم شماری کے تحت حلقہ بندیوں کا شیڈول جاری کر دیا ہے مذکورہ شیڈول کو مد نظر رکھتے ہوئے عام انتخابات نوے کے دن کے اندر نہیں ہو سکیں گے۔ ای سی پی نے کافی حد تک اس بات کی تصدیق کی ہے کہ اس سال عام انتخابات نہیں ہوں گے اس کے بارے میں بہت سے لوگ کہہ رہے تھے کہ سابق حکومت عام انتخابات میں تاخیر کے تمام ہتھکنڈے استعمال کر رہی تھی اور اب وہ ثابت ہو گیا ہے۔ یہ انتہائی افسوس ناک امر ہے کہ ایک جمہوری حکومت نے جمہوریت کو بریک لگانے کا فیصلہ کیا اور اشرافیہ کی ایما پر آمرانہ سوچ کو پروان چڑھایا ہے جس کے ملک کی سیاست پر کافی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ ملک بھر میں حلقہ بندیوں کی نئی حد بندی کا نوٹیفکیشن اس سال دسمبر میں کیا جائے گا۔ حتمی اشاعت 14 دسمبر کو ہو گی۔ اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ انتخابات وقت پر نہیں ہوں گے۔ 90 دن کے اندر اور یقینی طور پر تاخیر کا شکار ہوں گے۔ ادھر ایک اندازے کے مطابق ان حد بندیوں میں پورے چار ماہ لگیں گے اور اس میں کوئی تعجب کی بات بھی نہیں ہے۔ یہ بالکل ویسا ہی ہو رہا ہے جس کی سیاستدانوں اور تجزیہ کاروں نے پیش گوئی کی تھی جب یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ آئندہ عام انتخابات 2017 کی مردم شماری کی بنیاد پر نہیں بلکہ نئی مردم شماری کے تحت ہوں گے۔ ای سی پی کی جانب سے ابھی تک انتخابات کی کوئی تاریخ نہیں دی گئی۔ ای سی پی کی جانب سے حد بندیوں کے شیڈول کے اعلان انتخابات کے بارے میں ایک منقسم نظریہ کو جنم دیتا ہے۔ بعض تجزیہ کاروں کا خیال ہے کہ اب جبکہ ای سی پی نے حتمی اشاعت کی تاریخ دسمبر دی ہے اس بات کا قوی امکان ہے کہ انتخابات فروری 2024 میں ہوں گے۔ مثالی طور پر یہ انتخابات سینیٹ کے انتخابات سے پہلے ہونے چاہئیں۔ مارچ 2024 میں تاکہ اگلی حکومت کو واضح مینڈیٹ ملے۔ ان تجزیہ کاروں کا ماننا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام کا دائرہ کار بھی ایسا ہے کہ نئی حکومت ان کے ساتھ نئے پروگرام پر دوبارہ مذاکرات کرے۔ کچھ کا یہ بھی خیال ہے کہ مجبوری کابینہ کے ساتھ ایسا لگتا ہے کہ نگران حکومت سینیٹ انتخابات سے آگے نہیں بڑھے گی کیونکہ اس میں کچھ ایسے نام ہیں جو بنگلہ دیش ماڈل کے زیادہ طویل نگران سیٹ اپ کا حصہ بننے پر راضی نہیں ہوں گے تاہم کچھ ماہرین ایسے ہیں جن کا خیال ہے کہ ایک بار انتخابات میں تاخیر ہو جائے تو اس بات کی کوئی گارنٹی نہیں ہے کہ انتخابات کب ہوں گے اور اگر نادیدہ قوتیں چاہیں تو یہ انتخابات مزید تاخیر کا بھی شکار ہو سکتے ہیں اور پورا پارلیمانی انتظام تہہ بالا ہو سکتا ہے۔ گذشتہ دو سال کے دوران سیاست دانوں کو جس طرح کٹ پتلیوں کی طرح نچایا گیا ہے اس لئے ایسا لگتا ہے انہیں جس طرف ہانکا جائے گا وہ اسی طرف چلیں گے۔ سیاست دانوں کا یہ طرز عمل انتہائی پرلے درجے کی بے حسی ہے۔ یہ سنسنی خیزی اور شکوک وشبہات قابل فہم ہیں کیونکہ ملک پہلے ہی غیر آئینی اقدامات کے ذریعے چلایا جا رہا ہے۔ اس سے بڑی ستم ظریفی اور کیا ہو گی کہ ایک سیاسی جماعت نے ملک میں سول عدالتوں کے ہوتے ہوئے فوجی عدالتوں کا قانون پاس کر رکھا اور اس کی چیخ و پکار نے کوئی مذمت نہیں کی۔ ادھر پنجاب اور خیبر پختونخوا میں نگران حکومتیں جنوری 2024 میں ایک سال مکمل کر لیں گی اصولی طور پر نگران حکومت کا دورانیہ نوے دن سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ کچھ کا کہنا ہے کہ یہی وجہ ہے کہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے بدھ کو دائر کی گئی سپریم کورٹ میں ایک درخواست جس میں ای سی پی کو آئین کے آرٹیکل (2) 224 کے مطابق قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کرنے کا حکم دینے کا مطالبہ کیا گیا تھا اور عدالت عظمیٰ سے سی سی آئی کے انتخابات کرانے کے فیصلے کو معطل کرنے کا بھی کہا گیا ہے کہ نئی مردم شماری میں پنجاب اور کے پی میں جو کچھ ہوا اس کے ٹریک ریکارڈ کے ساتھ بہت سے لوگ اس بات کی ضمانت چاہتے ہیں کہ انتخابات نئی مردم شماری کے مطابق ہونے کی بجائے وقت پر ہوں گے۔ تاہم اس بات کا امکان زیادہ ہے کہ انتخابات نئی مردم شماری کے مطابق ہوں گے اور اس بات کا خطرہ ہے کہ ایک بار تاخیر کے بعد انتخابات مزید ایک سال کے لیے موخر ہو سکتے ہیں۔ اس کا تعلق بنگلہ دیش ماڈل کی افواہوں سے ہے جس کے بارے میں ریاست میں بہت سے لوگ برسوں سے جنون میں مبتلا ہیں ایک طویل ٹیکنو کریٹک نگران سیٹ اپ کا خواب بہت سے لوگ دیکھ رہے ہیں مگر یہ پاکستان جیسے ملک جہاں پر دنیا اس کے ساتھ کاروبار کے لئے تیار نہیں ہے نقصان دہ ثابت ہو گا۔

حکیم محمد سراج الدین خالد فاروقی نے پاکستان بنتے اور دیکھا

یوم آزادی کے موقع پر دعوت کی بزرگ شخصیت حکیم محمد سراج الدین خالد فاروقی سے ملاقات کی تاکہ تقسیم ہند، قیام پاکستان کا آنکھوں دیکھا حال سنا جائے۔ حکیم محمد سراج الدین خالد فاروقی نے جو کچھ بتایا وہ ان ہی کی

اللہ دتہ انجم

زبانی ارسال خدمت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انگریز کی غلامی اور ہندو بنیا کی متعصبانہ مسلم دشمنی سے نجات حاصل کرنے کے لیے اسلامیان ہند نے کانگریس کی شاطرانہ چالوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مسلم لیگ کے پلیٹ فارم پر متحد ہو کر آزاد وطن ”پاکستان“ کا مطالبہ کیا۔ ”لا الہ الا اللہ“ کا نعرہ بلند کیا۔ لفظ پاکستان کے خالق جناب چوہدری رحمت علی مرحوم تھے۔ نواب سلیم اللہ خان، شیر بنگال مولانا فضل حق، علامہ ڈاکٹر محمد اقبال، خواجہ ناظم الدین، لیاقت علی خان، قائداعظم محمد علی جناح اور اس وقت کے عظیم مسلم راہنماؤں نے برصغیر ہند کے چپے چپے کے مسلم نوجوانوں میں تحریک پاکستان کا عظیم جذبہ اور ولولہ پیدا کیا۔ خطبہ الہ آباد میں علامہ محمد اقبال نے اور بعد ازاں 23 مارچ 1940 کو لاہور منٹو پارک میں قائداعظم محمد علی جناح اور متحدہ ہندوستان کے عظیم مسلم رہنماؤں نے قرارداد پاکستان پاس کی اور پورے جوش و خروش کے ساتھ تحریک آزادی پاکستان کے حق میں مطالبات علماء کرام، طلبہ، کسان، مزدور، غریب و امیر ہر مکتبہ فکر کے لوگ ”لے کے رہیں گے پاکستان، بٹ کے رہے گا ہندوستان“ کا نعرہ لگاتے گلی محلوں ہندوستان میں اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر دور نکل آئے۔ ہندو مسلم فسادات ہوئے۔ خون مسلم سے سرزمین ہند سیراب ہوئی۔ لاکھوں مسلم خواتین کی عصمتیں لوٹی گئیں۔ ہزاروں بچے قتل کیے گئے۔ اربوں کھربوں کی مسلم املاک ختم ہوئیں۔ مسلم اکثریت پنجاب کے علاقے کشمیر سمیت بھارت کو دے دیے گئے۔ 14 اگست 1947 کو آزاد مملکت پاکستان وجود میں آئی۔ ایک حصہ مغربی پاکستان اور دوسرا مشرقی پاکستان بنا۔ تقسیم ہند اور قیام پاکستان کتنی عظیم قربانیوں کی دردناک داستان ہے۔ پورے ہندوستان میں خون مسلم کی ہولیاں کھیلی گئیں۔ سکھوں، ہندوؤں اور آر ایس ایس کے غنڈے بلوائیوں نے مظالم کی انتہا کر دی۔ لٹے پٹے مسلم مہاجرین بے بسی اور بے کسی کی حالت میں عازم پاکستان ہوئے۔ پیدل قافلے وریل گاڑیوں میں سوار دوران سفر قتل کر دیے گئے۔ خون سے لت پت لاشیں پاکستان پہنچتی رہیں۔ پاکستان امن و سلامتی کے ساتھ نہیں بلکہ مظالم کے انتہائی دردناک واقعات و سانحات کے بعد وجود میں آیا۔ اس کا مسیحا ہمارا ہو آج کے حکمران کیا جانیں۔ حکیم محمد سراج الدین خالد فاروقی نے بتایا کہ قیام پاکستان کے وقت میری عمر 16 سال تھی۔ اس وقت (1947ء) ہم بہاولپور کے محلہ عام خاص میں رہائش پذیر تھے اور آزادی پاکستان کی تحریک پورے زوروں پر تھی۔ 14 اگست کی رات اپنی پھوپھی کے گھر محلہ عام خاص بہاولپور میں سو رہا تھا کہ شور برپا ہوا کہ سکھ حملہ آور ہو گئے ہیں۔ مگر یہ صرف واویلا تھا حقیقت نہ تھی۔ چونکہ بہاولپور میں سکھ زیادہ تعداد میں موجود تھے اور شرارتیں و ہنگامہ آرائی کرتے رہتے تھے۔

این آر ایس پی کی شجرکاری مہم

کل زمین کے 30% رقبے پر درخت موجود ہیں جو زمین پر زندگی کی علامت ہیں۔ انسانی زندگی میں درخت بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں جو ہمارے گھروں، ہسپتالوں اور صنعتوں کو آباد کئے ہوئے ہیں، درخت ہمیں ناکارہ گیس

شاہد اعوان

کاربن اور آکسیجن فراہم کرتے ہیں یہ موسموں کی تبدیلیوں کو روکنے میں ہماری مدد کرتے ہیں، بارشوں اور موسموں کے حملے سے بچاتے ہیں۔ جنگلات کی لکڑی سے بے شمار فائدے حاصل ہوتے ہیں جنگلات نے سب سے بڑا تحفہ ہمیں لکڑی کا دیا ہے ہمارے استعمال کا سب سے پہلا خام مال جنگلات مہیا کرتے ہیں ہر بڑی صنعت کا انحصار جنگلات پر ہی ہے گھر میں لکڑی کی دیوار کو حرارت کے لئے 20% کم توانائی کی ضرورت ہوتی ہے اور دوسرے عمارتی سامان سے بنی ہوئی دیوار کو 30% کم کولنگ کی ضرورت ہوتی ہے۔ لکڑی سے ہمیں پارٹیکل بورڈ، پلائی وڈ، ہارڈ بورڈ اور چپ بورڈ حاصل ہوتے ہیں جس سے ہم خوبصورت فرنیچر بنا کر گھروں اور دفاتر کو سجاتے ہیں۔ لکڑی کا سب سے بڑا فائدہ کاغذ کی تیاری ہے موجودہ دور میں کاغذ کی اہمیت زیادہ ہو گئی ہے جس کے بغیر زندگی کا کوئی عمل مکمل نہیں ہوتا۔ صنعتی لکڑی کا استعمال 1.5 بلین ٹن ہے جو پلاسٹک اور سٹیل کے استعمال سے کہیں زیادہ ہے۔ لکڑی کے بغیر انسانی زندگی میں خوبصورتی بہت کم ہو جاتی ہے درختوں کی اہمیت اور اس کے فروغ کے لئے محکمہ جنگلات کی ذمہ داری بہت زیادہ ہے مگر یہ محکمہ اور ٹمبر مافیا لکڑی کاٹنے اور بیچنے میں سرفہرست ہے جنگلات میں آئے روز آگ کا لگنا اور دیکھتے ہی دیکھتے جنگلوں کا بھسم ہو جانا اب ایک معمول بن چکا ہے۔ بارشوں کے نہ ہونے کا سبب بھی درختوں کی کٹائی بتائی جاتی ہے جو بہت بڑے پیمانے پر اس میں محکمہ جنگلات کے کرپٹ اہلکاروں کا شاخسانہ ہے۔ ایک سروے کے مطابق ہر سال اتنے درخت لگائے نہیں جاتے جتنے کاٹ دیے جاتے ہیں یا انہیں جلا دیا جاتا ہے۔ ہر سال نئے درخت لگانے کے وعدے تو بہت کیے جاتے ہیں لیکن زمین پر ان کا وجود کہیں نظر نہیں آتا۔ مارچ اپریل اور جولائی اگست وہ چار مہینے ہیں جب وطن عزیز میں زمین پر نئے پودوں کی کاشت کی جاتی ہے وہ کہاں تک اگتے ہیں اور مکمل درخت بنتے ہیں اس کا کوئی حساب کتاب نہیں رکھا جاتا۔ ایک مشہور مقولہ ہے ”ہر دو شجر“ اگر اس فارمولے پر عمل کیا جائے تو ملک کی بالغ آبادی جو تقریباً 12 کروڑ بنتی ہے تو 24 کروڑ درخت ہر سال لگ جانے چاہئیں۔ درخت بھی جاندار شے ہیں وہ ہوا، پانی اور تحفظ کا تقاضا کرتے ہیں پودے بچوں کی طرح نازک اور حساس ہوتے ہیں جب تک ان کی اچھی طرح دیکھ بھال نہ کی جائے وہ ضائع ہو جاتے ہیں۔ درختوں کو نقصان پہنچانے اور برباد کرنے میں کسی محکمے سے زیادہ عام شہری بھی برابر کے شریک ہیں دراصل درخت لگانے کے شوقین لوگ کم اور ان کو برباد کرنے والوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ہمارے مشاہدے میں یہ بات آئی ہے کہ کئی محکموں کے سربراہ ہیں تو پودوں اور درختوں سے عشق رکھتے ہیں مگر ان کے دفاتر دیکھ کر اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ انہیں درختوں پودوں سے کوئی سروکار نہیں۔ ہمارے انتہائی قابل احترام بزرگ دوست ملک فتح خان جو متعدد بڑے عہدوں پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں ان دنوں ایک فلاحی ادارے NRSP کے سربراہ ہیں انہیں درختوں سے عشق کی حد تک لگاؤ ہے ان کا دفتر ہو یا ان کی نرسریاں وہ قابل دید ہیں انہوں نے ذاتی طور پر اپنے آبائی علاقہ تلہ گنگ میں ہزاروں کنال پر زیتون کے درخت لگائے ہیں جن سے اب فروٹ بھی حاصل کیا جا رہا ہے اس طرح وہ مختلف اضلاع میں اپنے محکمے کی طرف سے سالانہ ہزاروں پودے مفت تقسیم کرتے ہیں اور ماحول کو خوشگوار بنانے میں اپنا قومی فریضہ خوب انجام دے رہے ہیں اسی مشن کو جاری رکھتے ہوئے اس سال موسم برسات میں اب تک NRSP کے پلیٹ فارم سے 35 ہزار پودے مختلف شہروں میں تقسیم کر چکے ہیں۔ چند روز قبل انہوں نے تحصیل تلہ گنگ اور تحصیل لاوہ کے لئے ہزاروں پودے عطیہ کیے جو بڑے ہو کر سایہ دار درخت بنیں گے اس ضمن میں پریس کلب لاوہ کے ذریعے تقریباً تین ہزار پودے بانٹے گئے جبکہ فقیر کی درخواست پر ملک صاحب نے کمال مہربانی فرماتے ہوئے میرے گاؤں کی سماجی تنظیم اتحاد ویلفیئر سوسائٹی کھوئیاں کے لئے تقریباً 900 پودے دیے اس موقع پر انچارج محترمہ ثمین الماس اور پروگرام آفیسر ملک شہزاد بھی موجود تھے۔ یہ ظاہر کرتا ہے کہ گرین پاکستان کے مشن پر کام ماحول کو خوشگوار اور سرسبز و شاداب بنانے کے لئے NRSP کی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ میرے گاؤں کھوئیاں کے ہونہار نوجوانوں نے اس بات کا عہد کیا ہے کہ وہ نہ صرف پودے اگانے میں بھرپور کردار ادا کریں گے بلکہ ان کی دیکھ بھال اور تحفظ کو بھی یقینی بنائیں گے۔ اتحاد سوسائٹی کے طاہر ملک، جاوید اقبال ملک، ملک غلام احمد اور ان کی پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے جنہوں نے تمام پودے اپنی موجودگی میں گاؤں کے لوگوں میں تقسیم کیے۔ ہم ان سطور کے ذریعے NRSP اور ملک فتح خان کے تہہ دل سے ممنون و مشکور ہیں جو ملک کو سرسبز بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔

کیا جشن آزادی منانا ہر پاکستانی کا حق نہیں؟

گزشتہ روز پورے ملک میں 76 ویں جشن آزادی جوش اور جذبے کے ساتھ منائی گئی۔ جشن آزادی کے حوالے سے پورے ملک میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ یہ وہ دن ہے جب پاکستان 1947ء میں انگلستان سے

ریاض خان بوئی خیل

آزاد ہو کر معرض وجود میں آیا۔ 14 اگست کا دن پاکستان میں سرکاری سطح پر قومی تہوار کے طور پر بڑے دھوم دھام سے منایا جاتا ہے پاکستانی عوام اس روز اپنا قومی پرچم فضا میں بلند کرتے ہوئے اپنے قومی محسنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے قومی دن منانے کی روایت زندہ قوموں کی عکاسی ہوتی ہے۔ قومی دن اتحاد کی علامت ہوتا ہے۔ شکر کا دن ہوتا ہے۔ یہ تجدید عہد کا دن ہوتا ہے اور اپنے مقصد کی تجدید کا دن ہوتا ہے۔ سچ یہ ہے کہ ہم قیام پاکستان کا مقصد بھول گئے۔ کیا آپ کو یاد ہے۔ کیا ہماری نئی نسل کو یاد ہے۔ برصغیر کے مسلمانوں نے اللہ سے وعدہ کیا تھا کہ ہم پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنائیں گے۔ اللہ سے یہ وعدہ ہمارے آباؤ اجداد نے کیا تھا۔ اس وعدے کو پورا ہم نے کرنا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس وعدے کا احساس تک ہم کو نہیں ہے۔ ہمارے قائد کو اس کا احساس تھا، انہوں نے فرمایا تھا ”ہم نے پاکستان کا مطالبہ محض زمین کا ایک ٹکڑا حاصل کرنے کے لیے نہیں کیا تھا بلکہ ہم ایک ایسی تجربہ گاہ حاصل کرنا چاہتے ہیں جہاں ہم اسلام کے زریں اصولوں کو آزما سکیں۔“ اب یہ ہمارا فرض تھا کہ ہم تکمیل پاکستان کریں اور پاکستان کو اسلامی ماڈل بنائے۔ شریعت کے نفاذ کی عملی کوشش کریں اور پاکستان کی ترقی کے لئے دن رات محنت، مشقت کریں۔ اگر ہم نے اپنے یہ فرائض پورے کر دیے ہیں تو ہم آزادی کا جشن منانے کا حق رکھتے ہیں۔ ہر پاکستانی کے ذہن میں ایک سوال ہے کہ ہم جشن کس بات کا منا رہے ہیں۔ کیا ہم کمر توڑ مہنگائی کا جشن منا رہے ہیں، جس نے غریبوں سے جینے کا حق چھین لیا ہے۔ ضروریات زندگی نصف آبادی کو میسر نہیں ہیں۔ دوسری طرف ہمارے حکمرانوں کو علم ہی نہیں کہ غربت کیا ہوتی ہے۔ نہ ہی وہ بے روزگاری کے عفریت سے آگاہ ہیں اور نہ ہی ان کو آٹا، چینی، گھی، دال، سبزی، بجلی، گیس، پیٹرول کی قیمتوں کا علم ہے۔ مہنگائی دور کر کے لوٹی دولت واپس لا کر لوڈ شیڈنگ ختم کر کے بجلی سستی کر کے انصاف فوری اور سستا کر کے، اسلامی آئین بنا کر یا جو آئین ہے اس کے نفاذ کی ہی کوشش کر کے تعلیم، ہسپتال، شریف النفس، شریف قانون پر عمل کرنے کے بعد بے روزگاری کا خاتمہ کر کے جشن مناتے۔ ایسے حالات میں جب عوام بنیادی حقوق کے لئے ترس رہے ہوں ضروریات زندگی مناسب داموں خرید نہ سکیں، ایسے میں تو ریاست اپنا مقصد ہی کھو دیتی ہے۔ بھلا وہ کس طرح آزادی کا جشن منائے۔ اکثر لوگوں کا سوال ہے کہ کیا ہم جشن آزادی منا رہے ہیں۔ ان تمام سوالات کے باوجود ملک کے عوام نے 76 ویں جشن آزادی جوش اور جذبے سے منائی۔ ضلع مردان میں بھی پیارے وطن کی 76 ویں جشن آزادی کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ نے 14 اگست کی رات کو مردان سپورٹس کمپلیکس میں آتش بازی کا پروگرام بنایا تھا مگر زیادہ تر لوگوں کا یہ شکوہ تھا کہ عوام کو اس آتش بازی میں شرکت کرنے کی اجازت نہیں تھی زیادہ تر لوگوں کو مردان سپورٹس کمپلیکس میں اندر جانے کی اجازت نہیں ملی۔ اس کے ساتھ ساتھ باچہ خان چوک پر جشن آزادی کی رات کو پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی تھی۔ جب مردان کے عوام اور خصوصاً خواتین اور بچے باچہ خان چوک جشن آزادی منانے کے لئے آئے تو پولیس نے ان کو جشن آزادی منانے سے روکا اور ان کو مارا پیٹا۔ جس کی وجہ سے خواتین اور بچے خوفزدہ ہو کر گھروں کو واپس چلے گئے۔ انتظامیہ کی اس حرکت کے خلاف سوشل میڈیا پر کافی لوگوں نے شدید تنقید کی۔ پولیس کا کہنا تھا کہ شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے ہم اس پر عمل درآمد کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ مردان رنگ روڈ پر شفقت کے مقام پر پاکستان تحریک انصاف کے کارکنوں نے سابق ممبر صوبائی اسمبلی افتخار مشوانی کی قیادت میں جشن آزادی کے حوالے سے ریلی نکالی۔ اس ریلی نکالنے پر پولیس نے ان کے خلاف تھانہ تخت بھائی میں ایف آئی آر درج کی۔ جس کے اگلے دن انہوں نے مقامی عدالت سے بی۔ اے کیا۔ جشن آزادی کے حوالے سے انتظامیہ کے زیر سرپرستی پختونخوا ہاؤس مردان میں جشن آزادی کے حوالے سے صبح 8 بجے پرچم کشائی کی مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں کمشنر مردان ریجن یوسف رحیم، ڈی آئی جی مردان محمد سلیمان، ڈپٹی کمشنر عبدالرحمان، ڈی۔ پی۔ او نجیب الرحمان، میئر مردان حمایت اللہ مایار اور دیگر افسران سمیت مختلف سکولوں کے سربراہان اور طالب علموں نے شرکت کی۔ اس تقریب سے تقریر کے دوران میئر مردان حمایت اللہ مایار نے جشن آزادی کی رات کو مردان کے مختلف چوکوں میں لوگوں کی پکڑ دھکڑ پر شدید تنقید کی۔ میئر مردان نے تقریر کے دوران یہ سوال اٹھایا کہ جشن آزادی کی رات کو لوگوں کی پکڑ دھکڑ کس کے حکم پر کیا گیا اور مردان کے لوگوں کو جشن آزادی منانے سے کیوں روکا گیا۔ تقریب کے دوران دفعہ 144 کے نفاذ کے حوالے سے میئر اور ڈپٹی کمشنر کے درمیان زبردست نوک جھونک بھی ہوئی ڈپٹی کمشنر لطف عبدالرحمان جو پہلے ہی تقریب سے خطاب کر چکے تھے میئر کے تقریر کے بعد دوبارہ ڈائس پر آ گئے اور کہا کہ جشن آزادی کے جلسوں اور تقریبات پر کسی قسم کی پابندی نہیں البتہ شہروں میں ہلہ گلہ، اسلحہ کی نمائش سمیت موجودہ حالات کے تناظر میں سیکورٹی کی وجوہات پر دفعہ 144 کے تحت بعض پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔ انتظامیہ کے ان اقدامات کی وجہ سے یوں ظاہر ہو رہا تھا کہ مردان کے عوام کو جشن آزادی منانے کی اجازت نہیں۔ ایک وکیل صاحب نے سوشل میڈیا پر پوسٹ شیئر کیا کہ صرف افسران۔ باقی عوام کو قریب جانے نہیں دیا گیا۔۔۔

کیا صفر کا مہینہ منحوس ہوتا ہے؟

ماہ صفر و توہمات

اللہ کریم جل شانہ نے اپنے مقدس کلام قرآن کریم میں مہینوں کی گنتی بارہ (12) بیان فرمائی ہے۔ یہ ذکر سورۃ توبہ کی آیت نمبر 36 میں ہے۔ بارہ ماہ کے مجموعے کو برس یا سال کہتے ہیں۔ اور یہ چاند کے حساب سے شمار ہوتے ہیں۔ اسی لیے اسے قمری تقویم (کیلنڈر) کہا جاتا ہے۔ چاند کے حوالے سے شمار کا بیان سورۃ بقرۃ کی آیت نمبر 189 میں ہے۔ اسلام میں یہ قمری تقویم ہی رائج ہے اور اس کے باقاعدہ رواج اور ترتیب و نفاذ کا سلسلہ امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں ہوا۔ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کے اہم واقعہ سے اس تقویم کو شمار کیا، اس لیے اسے ہجری تقویم کہا جاتا ہے۔ اس تقویم میں مہینوں کے نام عربی میں ہیں اور ہر ایک مہینے کی وجہ تسمیہ (نام رکھنے کی وجہ) الگ ہے۔ جو دینی عبادات و احکام کی ادائیگی، موسم یا اہل عرب کی روایات وغیرہ کے حوالے سے ہے۔ اس تقویم میں پہلا مہینہ محرم ہے۔ اور آخری یعنی بارہواں ذی الحج یا ذوالحجہ ہے۔ زیر نظر قمری ماہ صفر کے بارے میں ہے کیونکہ اس ماہ کے نام اور ایام کے حوالے سے کچھ نامناسب اور غلط باتیں عوام میں پھیلا دی گئی ہیں اور عوام پوری طرح علم نہ ہونے کی وجہ سے توہمات کا شکار ہے۔

ماہ صفر کی وجہ تسمیہ

اسلامی دوسرے مہینہ کا نام صفر ہے۔ یہ صفر بالکسر سے ماخوذ ہے۔ جس کا معنی خالی ہے۔ چونکہ یہ مہینہ ماہ محرم کے بعد آتا ہے۔ محبوب رب العالمین ﷺ کی بعثت سے قبل ماہ محرم میں جنگ حرام تھی۔ مگر صفر کا مہینہ آتا تو عرب جنگ کے لئے چلے جاتے اور گھروں کو خالی چھوڑ جاتے تھے۔ اس لئے اس کو صفر کہتے تھے۔

صفر کے ایک معنی لغت میں

پیٹ کے اندر ایک بیماری ہوتی ہے، جس سے درد ہوتا ہے۔ اس بیماری میں پیٹ کے اندر کوئی کانٹا یا کیڑا ہوتا ہے۔ جو کاٹتا ہے۔ شاید اسی حوالے سے لوگوں نے صفر کو بیماری کا مہینہ کہنا شروع کر دیا۔ جبکہ احادیث میں اس کی ممانعت بیان ہوئی ہے۔ برصغیر میں اہل علم کے سرتاج شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے بارہ مہینوں کے بارے میں ایک عمدہ تحقیقی کتاب ”ماثبت بالسنۃ“ عربی میں تحریر فرمائی۔ جس میں حضرت شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ ماہ صفر کے بیان میں بحوالہ مسلم شریف پہلی حدیث نقل فرماتے ہیں جس کے راوی حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ وہ فرماتے تھے۔

”عدوی (ایک کی بیماری کا

پیر محمد تبسم بشیر اویسی

دوسرے کو لگ جانا)، صفر (بر شگونی لینا) غول (دیو، بھوت) نہیں ہے۔“

یعنی یہ باتیں مسلم و مومن کو مانی اور کرنی نہیں چاہئیں۔ بخاری و مسلم کے حوالے سے ایک اور حدیث میں ہے جس کی روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کرتے ہیں ”نہ بیماری کا کسی اور کو لگنا اور نہ نحوست ہے اور نہ ہی الو کی نحوست ہے۔ ایک اعرابی نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! پھر یہ کیا ہے کہ ہٹا کٹا خارش زدہ اونٹ دوسرے اونٹوں میں آ گھستا ہے تو سب کو خارش میں مبتلا کر دیتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پھر پہلے اونٹ کو کس نے خارش لگائی؟“

اس سے معلوم ہوا کہ صفر کے ایک معنی بد شگونی، بدفالی کے کئے گئے ہیں۔ مگر جو لوگ ماہ صفر کو بیماری یا نحوست وغیرہ کا مہینہ سمجھتے ہیں وہ غلط ہیں۔ واضح رہے کہ جہاں کہیں کوڑھ یا شدید مرض کے مریض سے اجتناب کی تعلیم ہے وہ صرف اس لئے کہ دوسروں کو کراہت اور تکلیف نہ ہو۔ چنانچہ شیخ محقق حضرت علامہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مسند احمد کے حوالے سے یہ حدیث بھی نقل کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: ”کوئی شے کسی دوسری شے کو بیماری نہیں لگاتی ورنہ پہلی کو کس نے بیماری لگائی؟ (یعنی یہ اعتقاد نہ رکھے)۔ نہ بیماری لگنا ہے یعنی نہ تعدی (وائرس، پھیلنے والی وبا) ہے جو ایک سے دوسرے کو لگے اور نہ صفر۔ اللہ نے ہر جان کو پیدا کیا پھر اس کی عمر اور روزی اور اس کو پہنچنے والی آفتیں لکھ دیں۔“

کرمانی نے بخاری کی شرح میں اور علامہ ابن اثیر نے نہایہ میں لکھا ہے کہ عرب کے لوگوں کے گمان میں صفر سے مراد یہ ہے کہ پیٹ کے اندر سانپ ہوتا ہے۔ جو انسان کو بھوک کی حالت میں کاٹتا ہے اور ستاتا ہے اور یہ مرض میں تجاوز کرتا ہے یعنی مرض بڑھاتا اور پھیلاتا ہے اور کہتے ہیں کہ صفر وہ مہینہ ہے کہ اس میں آفتیں، مصیبتیں اور فتنے بہت ہوتے ہیں اور کہتے ہیں کہ صفر سے مراد پیٹ کے وہ کیڑے ہیں جو بھوک کے وقت پھڑکتے ہیں اور بعض وقت مار ڈالتے ہیں یا صفرہ کیڑا ہے جو جگر اور پسلیوں کی ہڈیوں کے کنارے میں پیدا ہوتا ہے تو اس سے آدمی نہایت زرد ہو جاتا ہے اور بعض وقت اس کو مار ڈالتا ہے۔ پس اسلام نے ان باتوں کو باطل یعنی بالکل غلط قرار دیا ہے اور مومن و مسلم وہی ہے جو اللہ اور اس کے رسول کریم ﷺ پر یقین رکھے اور ماہ صفر کو بیماری لگنے، بدشگونی یا نحوست وغیرہ کے حوالے سے نہ جانے اور یہی یقین رکھے کہ میرے لئے وہی ہے جو میرے رب نے لکھا ہے اور وہ کرتا ہے۔

عدوی (تعدی) یعنی وبائی

بیماریاں طبیبوں کے گمان میں 7 ہیں۔ ان کا بیان مصابیح کی شرح میں ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ عدوی کا معنی بیماری اور عادت کا کسی اور میں اثر کر دینا ہے۔ طبیبوں کے مطابق جذام (کوڑھ)، خارش، چیچک، سرخ بخار، دہن کی گندگی، آشوب چشم اور تمام وبائی امراض میں ایسا ہوتا ہے۔ لیکن اہل ایمان کو یہ اعتقاد نہیں رکھنا چاہیے۔ تعدی اللہ کی قضا سے ہو سکتی ہے یعنی خیال کرے اور یہ اعتقاد رکھے کہ متعدی بیماریاں اسی وقت مؤثر ہو سکتی ہیں جب اللہ کی مشیت ہو ورنہ نہیں۔ یعنی امراض بالطبع متعدی نہیں ہوتے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ماہ صفر کو بد شگونی کرتے ہوئے بیماری اور آفات کا مہینہ جانے نہ ہی ایسا اعتقاد رکھے اور ہر حال میں اللہ کی رضا چاہیے اور اپنے معاصی سے توبہ کرتا رہے اور گھر کے بوڑھوں یا عورتوں کی غلط کہانیوں کو حقائق پر ترجیح نہ دے۔ برصغیر میں ماہ صفر کو تیرہ تیزی کا مہینہ بھی کہا جاتا ہے۔ ایسا کہنے والوں کو گمان یا خیال ہے کہ اس ماہ کے پہلے 13 دن بہت نحوس ہوتے ہیں۔ ان دنوں میں جادو گر۔

جنات اور بد روحیں کھلے عام آفات مچاتی ہیں اور کام بگاڑتی ہیں۔ ایک کہاوت یہ بھی ہے کہ ان دنوں میں کوئی بیماری ہو جائے تو وہ مریض مشکل سے بچتا ہے یا اس ماہ میں لگنے والی بیماری مہلک یا شدید ثابت ہوتی ہے۔ کہتے ہیں کہ اس ماہ میں شادی بیاہ کرنا، کوئی کاروبار یا نیا کام کرنا یا سفر شروع کرنا راس نہیں آتا۔ یہ سب محض توہمات ہیں اور گھڑی ہوئی فضول باتیں ہیں، جنہیں کچھ لوگوں نے اعتقاد کا سا درجہ دے دیا ہے۔ تیرہ تیزی کا عدد بھی لوگ اچھا نہیں سمجھتے حالانکہ یہ محض اسلام دشمن پروپیگنڈا ہے۔ کیونکہ تین سو تیرہ اصحاب بدر کی تعداد ہے جنہوں نے حق و باطل کے پہلے معرکے میں فتح پائی تھی۔

☆☆☆

ووڈ بال فیڈریشن، پرتعیش مقامات پر مقابلوں کا انعقاد ایک سوالیہ نشان

دنیا بھر میں سیاحت اور عیاشی کیلئے مشہور تھائی لینڈ میں ووڈ بال کے مقابلوں کے انعقاد اور اس میں پاکستان سے تعلق رکھنے والے زائد العمر کھلاڑیوں کے حصہ لینے کے باعث ووڈ

مسرت اللہ جان

بال فیڈریشن پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ گذشتہ کئی سالوں سے بین الاقوامی سطح کے ان مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی بیشتر مرتبہ خیبر پختونخوا سپورٹس ڈائریکٹریٹ سے تعلق رکھنے والے ملازمین نے کی ہے۔ اور یہ سلسلہ تاحال جاری ہے۔ واقعات کے چونکا دینے والے تسلسل اور پرتعیش مقامات پر ہونے والے ووڈ بال کے مقابلے تنازعات کا مرکز بن رہے ہیں۔ جس میں پاکستان کی نمائندگی پر کھیلوں سے وابستہ حلقے شدید تحفظات کا اظہار کر رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا سپورٹس ڈائریکٹوریٹ کے افراد کے زیر تسلط پاکستان میں ووڈ بال فیڈریشن کے نامناسب وجود کے پیش نظر ووڈ بال کی کہانی نہ صرف کھیلوں سے وابستہ حلقوں بلکہ عام لوگوں کو بھی حیران کر رہی ہیں۔ اس معمے کے باوجود صوبائی اسپورٹس ڈائریکٹوریٹ کے نمائندے بار بار بین الاقوامی اسٹیج پر مقابلوں میں حصے لے رہے ہیں تاہم ان کی کوئی کارکردگی بھی نظر نہیں آتی۔ سال 2022 میں بھی تھائی لینڈ میں مقابلوں کا انعقاد کیا گیا جس میں سپورٹس ڈائریکٹریٹ کے مخصوص اضلاع سے تعلق رکھنے والے صوبائی سپورٹس ڈائریکٹریٹ کے ملازمین نے حصہ لیا حالانکہ ان کیلئے کوئی ٹرائلز نہیں لیے گئے اور نہ ہی یہ بتایا گیا کہ یہ کس بنیاد پر ہو رہے ہیں تاہم سوشل میڈیا پر آنے والی تصاویر سے سب کو پتہ چل گیا کہ ووڈ بال کے مقابلے تھائی لینڈ میں ہو رہے ہیں۔ اسی طرح اس سال جون کے مہینے میں تھائی لینڈ میں ہونیوالے مقابلوں میں خیبر پختونخوا سپورٹس ڈائریکٹریٹ کے ملازمین سمیت طالبات کو بھی کھیلنے کیلئے بھیجا گیا تاہم ان کے انتخابی عمل نے سب کو حیران کر دیا کہ کس بنیاد پر انہیں بیرون ملک بھجوایا گیا، کیونکہ پورے صوبے میں کہیں پر ووڈ بال کے مقابلے کہیں نہیں ہو رہے، نہ ہی اس حوالے سے مکمل معلومات کسی کے پاس ہیں لیکن تین طالبات اور چند سرکاری ملازمین کے حصہ لینے کے باعث کھیلوں سے وابستہ افراد نے ان مقابلوں کے ٹرائلز اور اس طرح جانے پر سوالیہ نشان اٹھا دیا ان تمام باتوں کے باوجود ووڈ بال فیڈریشن اور اس کے عہدیداروں کے بارے میں اہم معلومات ابھی تک پراسرار ہیں۔ پاکستان کی خبر رساں سرکاری خبر رساں ایجنسی اے پی پی کی دو ستمبر 2018 کو پشاور سے جاری ہونیوالی ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ پشاور سے تعلق رکھنے والے شاہد شنواری اس فیڈریشن کے صدر ہیں اور انہوں نے زاہد کو جنرل سیکرٹری کے عہدے سے ہٹایا اور اس بارے میں تمام اضلاع کے نمائندوں نے شرکت کی۔ یہ واحد رپورٹ آج کے موجودہ انٹرنیٹ کے دور میں گوگل پر ووڈ بال کے عہدیداروں کے حوالے سے موجود ہیں اور اس بارے میں سوشل میڈیا پر بیشتر تصاویر اور رپورٹ سال 2018 سے قبل کی ہیں اس کے بعد مکمل طور پر خاموشی ہے۔ تھائی لینڈ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے ووڈ بال کے کھلاڑیوں کی اہلیت و قابلیت پر شکوک و شبہات جنم لے رہے ہیں، اور سوشل میڈیا پر جاری ہونیوالے تصاویر سے باتیں سامنے آ رہی ہیں کہ بہت سارے عمر رسیدہ افراد ووڈ بال کے اس کھیل میں کھیلنے کیلئے گئے لیکن ان تمام باتوں کے باوجود ہر ایک کے ذہن میں کھٹکتا ہوا سوال یہ ہے کہ کیا ووڈ بال حقیقی طور پر پاکستان میں کہیں پر کھیلا بھی جا رہا ہے، یا یہ محض نامعلوم مقاصد کے لیے تفریح لینے اور بیرون ملک سیاحت اور باہر جانے کیلئے ایک سہارا اور ذریعہ ہے۔ اس الجھن میں اضافہ خیبر پختونخوا سپورٹس ڈائریکٹریٹ کے ایک ملازم جس کا نام ووڈ بال فیڈریشن سے وابستگی کے حوالے سے لیا جاتا ہے اور انہوں نے کئی مرتبہ صوبائی سپورٹس ڈائریکٹریٹ کے نمائشی مقابلوں میں ووڈ بال کے مقابلے بھی کروائے تاہم متعلقہ ملازم ووڈ بال فیڈریشن سے وابستگی کے وجود سے ہی انکاری ہے جس سے کھیلوں کے شائقین حیران اور ان ہائی پروفائل مقابلوں کی قانونی حیثیت کے بارے میں شکوک پیدا کرنے کا باعث بن رہے ہیں، دوسری طرف پاکستان خصوصاً خیبر پختونخوا میں میں ووڈ بال کے فروغ اور شفافیت کا فقدان کھیلوں سے وابستہ حلقوں سمیت عام افراد میں تشویش کو بھی پیدا کر رہا ہے مزید یہ ان ٹورنامنٹ کے لیے خصوصی پرتعیش مقامات کا انتخاب ان شکوک و شبہات کو مزید بڑھانے کا باعث بھی بن رہا ہے۔ جیسا کہ خیبر پختونخوا سپورٹس ڈائریکٹوریٹ کے ملازمین کی بار بار شرکت، ان کے انتخاب کے عمل کے بارے میں سنجیدہ سوالات جنم لے رہے ہیں، خیبر پختونخوا کے کھیلوں سے وابستہ حلقے متعلقہ حلقوں سے ووڈ بال کے کھیل ان کے فیڈریشن کے بارے میں جانچ پڑتال کا مطالبہ کر رہے ہیں عوام ان اہم سوالات کے جوابات کا مطالبہ کرتے ہوئے حکام پر زور دے رہے ہیں کہ وہ پاکستان میں ووڈ بال فیڈریشن کے معاملات کی مکمل تحقیقات کریں۔ کہ ووڈ بال کے یہ ٹورنامنٹ کب تک جاری رہیں گے اور کیا حقیقت سے پردہ اٹھایا جائیگا۔ کیا ان ٹورنامنٹ میں جانے والے اپنے اخراجات پر جاتے ہیں یا پھر انہیں سرکاری اخراجات پر بھجوایا جاتا ہے، اسی طرح ان کے ٹرائلز سمیت صوبے میں ووڈ بال کھیلنے کی جانیوالی کاوشوں کے بارے میں عوام جاننا چاہتے ہیں۔ دنیا بھر میں سیاحت اور عیاشی کیلئے مشہور تھائی لینڈ میں ووڈ بال کے مقابلوں کے انعقاد اور اس میں پاکستان سے تعلق رکھنے والے زائد العمر کھلاڑیوں کے حصہ لینے کے باعث ووڈ بال فیڈریشن پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ گذشتہ کئی سالوں سے بین الاقوامی سطح کے ان مقابلوں میں پاکستان کی نمائندگی بیشتر مرتبہ خیبر پختونخوا سپورٹس ڈائریکٹریٹ سے تعلق رکھنے والے ملازمین نے کی ہے۔ اور یہ سلسلہ تاحال جاری ہے، واقعات کے چونکا دینے والے تسلسل اور پرتعیش مقامات پر ہونے والے ووڈ بال کے مقابلے تنازعات کا مرکز بن رہے ہیں، جس میں پاکستان کی نمائندگی پر کھیلوں سے وابستہ حلقے شدید تحفظات کا اظہار کر رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا سپورٹس ڈائریکٹوریٹ کے افراد کے زیر تسلط پاکستان میں ووڈ بال فیڈریشن کے نامناسب وجود کے پیش نظر ووڈ بال کی کہانی نہ صرف کھیلوں سے وابستہ حلقوں بلکہ عام لوگوں کو بھی حیران کر رہی ہیں۔

شہباز حکومت کے 15 رکنی اتحاد کے 15 ماہ کا خلاصہ

شہباز اینڈ کمپنی کی حکومت ختم ہو چکی اور اب گزشتہ حکومت کہلانے لگی ہے گزشتہ حکومت 15 رکنی اتحادی تھی اور 15 ماہ کا خلاصہ حکومت بھی جاری کر دیا گیا ہے جس میں سب اچھا کی رپورٹ سے بھی ایک قدم آگے ہو کر سب بہت اچھا ہے کی رپورٹ عوام کے سامنے رکھی گئی ہے مختصر خلاصہ یہ ہے کہ عوام کو بتایا جا رہا ہے کہ شہباز اینڈ اتحاد نے گزشتہ 15 ماہ میں ریاست پاکستان کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا۔۔۔ کیا ایسا ہی ہے؟؟؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ ریاست پاکستان ڈیفالٹ ہونے سے بچ گئی مگر عوام مکمل طور پر ڈیفالٹ کر چکے ہیں ہر شعبہ زندگی میں نمایاں تبدیلیاں آ چکی ہیں اور ان تبدیلیوں کو کسی صورت بھی مثبت تبدیلیاں قرار نہیں دیا جا سکتا یہ تبدیلیاں منفی تبدیلیاں رہی ہیں اور عام آدمی کا معیار زندگی بلندی سے بہت تیزی سے پستی کی جانب آیا ہے۔ شہباز حکومت نے 11 اپریل 2022 کو وزارت عظمیٰ کا حلف اٹھایا تھا اور حلف اٹھاتے ساتھ اعلان کیا گیا تھا کہ وہ بغیر تنخواہ کے کام کریں گے ساتھ ہی یہ اعلان بھی کیا گیا تھا کہ وہ غیر ملکی دوروں کے اخراجات بھی اپنی جیب سے ادا کریں گے۔ شہباز حکومت کے معاونین مشیروں نے بھی بغیر تنخواہ کے کام کرنے کا اعادہ کیا جبکہ اچھی بات یہ ہے کہ ساتھ مراعات بھی کم لینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ چند ہی دن گزرنے کے بعد پاکستانی عوام نے دیکھا کہ سینکڑوں گاڑیوں کے پروٹوکول میں سرکاری افسران، وزراء، مشیر سب ایک جگہ سے دوسرے جگہ سفر کرتے دکھائی دیئے گئے یعنی جس پروٹوکول کا ذکر کیا جاتا ہے کہ اب سے عام آدمی کی طرح سفر کریں گے مگر یہ سب محض باتوں تک کے معاملات رہے اور عیاش پسندی کا سفر جاری رہا گزشتہ حکومت نے اپنے دور کا جو خلاصہ پیش کیا ہے اس میں ایک نقطہ یہ بھی ہے کہ اسٹاک ایکسچینج میں بہتری آئی یہ بلاشبہ اہم نقطہ ہے مگر ایک عام انسان کے اس سے زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟؟ 15 رکنی سابقہ اتحادی حکومت کے خلاصہ میں بڑی دیدہ دلیری سے یہ بتایا گیا ہے کہ اسلام آباد یعنی شہر

محبوب اعوان

اقتدار میں سڑکوں کا جال بچھایا گیا ہے جس میں بہارہ کہو فلائی اوور، IJP روڈ، میٹرو بس انٹرنیشنل ایئرپورٹ تک وغیرہ کا ذکر کیا گیا۔۔۔ قابل تنقید بات ہے کہ IJP روڈ کو تعمیر کیا گیا جس سے نہ صرف راولپنڈی اسلام آباد بلکہ دیگر شہروں کو جانے والوں کو بھی آسانی میسر ہوئی مگر یہ منصوبہ بغیر کسی پلاننگ کے بنایا گیا اس سڑک کے بننے یعنی مکمل ہونے کے محض ایک ماہ کے اندر سے یہ روڈ سینکڑوں جگہوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے اس قومی خزانے کو شدید نقصان ہوا مگر کسی نے اس معاملے پر کسی کو نہیں پوچھا۔۔۔ ایک اس اہم ترین سڑک پر قریبی آبادیوں کے خدشات بھی ہیں۔ جس میں اہم معاملہ U-Turn کا ہے اس کے علاوہ اس مصروف ترین سڑک پر ہیوی ٹریفک اور رانگ وے پر چلنے والی ٹریفک بھی نمایاں ہے، جس پر کسی کا کوئی زور نہیں اسی طرح اس سڑک پر درمیان سے کراسنگ کے لیے عوام نے مختلف غیر قانونی راستے بنا رکھے ہیں جس سے حادثات کا خدشہ بھی بڑھ چکا ہے۔ یعنی جو بھی منصوبہ بنایا گیا وہ بظاہر ایسا لگتا کہ قومی مفاد کو پس پشت رکھ کر اپنے مفاد کو سامنے رکھ کر بنایا گیا، بہارہ کہو فلائی اوور کے دوران تعمیر بدقسمتی سے بہت سی جانیں گئیں مگر کسی کو اس معاملے پر انسانی جانوں کی چلے جانے کا افسوس تک نہ ہوا۔ شہباز، زرداری، مولانا کی گزشتہ حکومت نے پیش کردہ خلاصے میں یہ بھی شامل کیا ہے کہ اپنے دور حکومت میں فلم انڈسٹری کے لیے بھی خطیر رقم بھی مختص کی گئی ہے میوزک پالیسی دی گئی ہے وغیرہ وغیرہ۔۔۔ ہر باشعور محب وطن پاکستانی جانتا ہے کہ فلم انڈسٹری کے لیے خطیر رقم مختص کرنے سے عام آدمی کی زندگی پر بھلا کیسے اچھے اثرات مرتب ہو سکیں گے؟؟؟ یا میوزک پالیسی سے ایسا کون سا انقلاب آئے گا جس سے کسی سفید پوش یا غریب انسان کی زندگی کا معیار بلند ہو سکے گا؟؟؟ فنکاروں کے لیے اقدامات فنڈ کی منظوری کو بھی خلاصہ میں ذکر ہے کیا فنکاروں کے لیے پالیسی بنانا ضروری تھی یا عام آدمی کے لیے پالیسی بنائی جاتی۔۔۔ سابقہ اتحاد نے یہ بھی شامل خلاصہ کیا ہے کہ سابقہ دور حکومت میں توانائی کے شعبے میں بے شمار منصوبے شامل کیے گئے مگر ان منصوبوں کے اثرات عام آدمی پر بم بن کر گرے۔۔۔ بجلی کی فی یونٹ قیمت جو عمران خان کے دور میں 12 روپے کے لگ بھگ تھی جو شہباز، زرداری و مولانا کی گزشتہ حکومت نے تقریباً 59 روپے تک پہنچا دی جس سے ہر گھر میں شدید تشویش پائی جاتی ہے اور ماہانہ بنیادوں پر پاکستانیوں کے جیبوں سے اربوں روپے بجلی کے بلوں کی صورت میں نکالے جا رہے ہیں۔۔۔ جبکہ لوڈشیڈنگ بھی اسی طرح جاری رہی مگر شاید مستقبل میں ان منصوبوں سے عام آدمی کو فائدہ ہو سکے۔ سی پیک کے فیز II کی تکمیل کا ذکر بھی خلاصہ میں شامل کیا گیا ہے اس میں سابقہ حکومت کی نیت پر شک نہیں کیا جا سکتا کہ شہباز حکومت نے سی پیک کے لیے خلوص دل سے کام کیا اور فیز II کی تکمیل ہوئی جس سے مستقبل میں ایک عام پاکستانی کو نہ صرف روزگار میسر آئے گا بلکہ اس سے ان کی زندگیوں پر بھی اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔

کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)

بقیہ 1

کئے گئے۔ ایک لاکھ 70 ہزار روپے جرمانہ بھی کیا گیا۔ انسداد ڈینگی مہم میں 6500 چیکنگ میں ایس او پیز کی خلاف ورزیوں پر 60 نوٹس 43 ایف آئی آر درج کروائی گئیں جبکہ 103 ہزار جرمانہ کر دئے گئے۔ دوسری جانب محکمہ ماحولیات راولپنڈی کی جانب سے سموگ کے حوالے سے آگاہی سیشن اور واک کا اہتمام کیا گیا۔ آگاہی سیشن میں انسداد سموگ اقدامات کے حوالے سے شرکاء کو آگاہ کیا گیا۔ سموگ کے خاتمے کی حفاظتی تدابیر سے آگاہ کرتے ہوئے فصلوں کی باقیات کو آگ نہ لگائیں۔ دھول مٹی کے خاتمے کیلئے پانی کا چھڑکاؤ کریں۔ سموگ خطرناک قسم کا دھواں ہے جو ماحول اور انسانی صحت کیلئے خطرناک ہے۔ اپنی دھواں چھوڑتی گاڑیوں کی مرمت کرائیں۔ ماحول کو سرسبز رکھنے کیلئے شجرکاری کریں۔ ماحول کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 2

تحویل سے منتقلی کو یقینی بنایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے تازہ ترین صورتحال بارے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ اس وقت ہیڈ گنڈا سنگھ والا کے مقام پر 12 ہزار 78 ہزار کیوسک سے زائد، ہیڈ سلیمانکی کے مقام پر 78 ہزار کیوسک سے زائد جبکہ ہیڈ اسلام کے مقام پر 30 ہزار کیوسک سے زائد پانی کا اخراج ہو رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ دریائی علاقوں میں آبادی لوگوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے لئے ضلع بھر میں 19 فلڈ ریلیف کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں جن میں سے 9 فلڈ ریلیف کیمپس احمد پور شرقیہ کے دریائی علاقوں میں، 5 فلڈ ریلیف کیمپس بہاولپور میں، 2 فلڈ ریلیف کیمپس خیرپور ٹامیوالی میں جبکہ 3 فلڈ ریلیف کیمپس حاصل پور کے دریائی علاقوں میں قائم کئے گئے ہیں جہاں متعلقہ عملہ بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے بتایا کہ ممکنہ سیلاب کے علاقوں میں سے اب تک 1042 افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ پورے ضلع بھر میں موجود زمیندارہ بندوں کو بھی مضبوط بنایا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلہ میں ضلعی انتظامیہ، محکمہ ریونیو، ریسکیو 1122، محکمہ انہار اور دیگر تمام متعلقہ محکمے فیلڈ میں متحرک ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ممکنہ سیلاب سے متاثر ہونے والے علاقوں سے لوگوں اور ان کے مال مویشیوں کے لئے فلڈ ریلیف کیمپس میں میڈیکل اور لائیو سٹاک کیمپس بھی قائم کر دیئے گئے ہیں جہاں وافر مقدار میں ادویات کی دستیابی سمیت میڈیکل آفیسرز اور پیرا میڈیکل سٹاف اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لئے موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مال مویشیوں کی حفاظتی ویکسینیشن سمیت جانوروں کے لئے ادویات اور چارے کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے اس عزم کا اظہار کیا کہ فلڈ ریلیف کیمپس میں آنے والے تمام افراد کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 باقر حسین نے اس موقع پر میڈیا نمائندگان کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 کی جانب سے ضلع بہاولپور میں ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے 118 ریسکیورز ڈیوٹی پر موجود ہیں جبکہ 20 واٹر بوٹس سمیت دیگر ضروری ریسکیو اینڈ سیفٹی سازو سامان بھی مہیا کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 3

00:09 تا 00:01 بجے تک ہوں گے۔ اس کورس میں شرکت کے خواہشمند خواتین و حضرات اور بچے ادارہ سے درخواست فارم حاصل کر کے اپنی رجسٹریشن 21 اگست 2023 صبح 00:09 بجے تک ادارہ ہذا میں کروا سکتے ہیں۔ اس کورس کی کوئی فیس نہ ہوگی اور کورس کی تکمیل پر سرٹیفکیٹ بھی دیا جائے گا۔

بقیہ 4

اور غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ مری انتظامیہ اور ایم سی اے کے تعاون سے اسٹیمر میں بھی ہونے والے غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ میونسپل کارپوریشن مری کی جانب سے بھوربن اور جھیکا گلی کے مقام پر غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ متعدد غیر قانونی تعمیرات کو مسمار اور غیر قانونی تجاوزات کو ہٹایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی اور چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی ہدایات پر مری میں غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن کی براہ راست نگرانی اے ڈی سی آر مری کیپٹن (ر) قاسم اعجاز کر رہے ہیں۔

بقیہ 5

بیلٹر، ہاسٹلری [illegible] آویزاں کی گئیں۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے ڈائریکٹر مری آرٹس کونسل وقار احمد، اپنی ڈائریکٹر مری آرٹس کونسل محمد شفیق، سپرنٹنڈنٹ انجینئر بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی خالد حفیظ کے ساتھ مری سینما کا آرکیٹیکٹ کرنے کے لیے میٹنگ کی۔ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ مری آنے والے سیاحوں اور مقامی لوگوں کے لیے مری آرٹس کونسل میں موجود واحد سینما کو تعمیر میں دوبارہ بحال کیا جائے گا۔ اس اقدام سے سیاحوں اور مقامی لوگوں کو بہترین اور سستی تفریح مہیا ہوگی۔

بقیہ 6

اس فری میڈیکل کیمپ کے انعقاد کو سراہا اور امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی لوگوں کی فلاح کے لئے منصوبہ بندی بارے مشورے اور صحت کی سہولیات کی مفت فراہمی جاری رہے۔

بقیہ 7

اور پاکستان کے سیاسی نظام میں ان کے شعور اور کردار کے بارے میں سرکردہ سیاسی جماعتوں کے ساتھ ان کے مکالمے سے متعلق مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کرے گا۔ اس موقع پر ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر روبینہ بھٹی، رجسٹرار ڈاکٹر یاسمین روئی، ڈائریکٹر عابد شفیق، ڈائریکٹر میڈیا اینڈ پبلک ریلیشنز ڈاکٹر شکیل اختر، کنٹرولر، پرنسپلز اور شعبہ سیاسیات کے فیکلٹی ممبران بھی موجود تھے۔

بقیہ 8

میں کمیشن حاصل کیا۔ بعدازاں انہیں آپریشنل کنورژن کورس کیلئے ماڑی پور (مسرور) میں واقع نمبر 2 اسکواڈرن میں تعینات کیا گیا جہاں رب کائنات نے ان کے مقدر میں لازوال شہرت لکھ رکھی تھی۔ 20 اگست 1971 کے دن راشد منہاس کی قربانی سے ایک ناقابل فراموش داستان رقم ہوئی۔ اس دن راشد نے اپنے انسٹرکٹر فلائٹ لیفٹیننٹ مطیع الرحمان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا جس نے T-33 تربیتی طیارے کو ہائی جیک کر کے بھارت لے جانے کی کوشش کی۔ راشد نے جہاز کا کنٹرول واپس لینے کی بھرپور جدوجہد کی اور اس وقت جہاز کو بھارتی سرحد عبور کرنے سے قبل زمین بوس کرنے کو ترجیح دی۔ ملک کے اس بہادر سپوت نے اپنی جان مادر وطن پر قربان کر دی لیکن کسی غدار کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہ ہونے دیا۔ راشد منہاس کی اس عظیم قربانی اور ناقابل فراموش شجاعت کے اعتراف میں حکومت پاکستان نے انہیں ملک کا سب سے بڑا فوجی اعزاز نشان حیدر عطا کیا۔ راشد منہاس شہید ہماری آنے والی نوجوان نسل کیلئے حوصلہ، جرات اور شجاعت و قربانی کی علامت کے طور پر ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 9

پروگرام میں معروف پارلیمنٹیرین اور نظریہ پاکستان فورم کے صدر سید تابش الوری اور دیگر مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا۔ سید تابش الوری نے کہا کہ پاکستان کسی نے پلیٹ میں رکھ کر پیش نہیں کیا اس کے لئے لاکھوں انسانوں کے خون سے [illegible] ہزاروں عصمتوں [illegible] معصوم بچوں نے خاک و خون کے دریا عبور کر کے [illegible] آج ہم جو کچھ بھی ہیں اس ملک کی وجہ سے ہیں ہمیں اپنے رویے بدلنے ہوں گے اور [illegible] جانے اور بنانے کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر رفیق الاسلام چیئرمین اقبالیات اسلامیہ یونیورسٹی نے کہا کہ پاکستان کے مستقبل کی [illegible] وابستہ ہیں۔ اسی لئے ساری دنیا میں آئندہ ایک روشن ملک [illegible] نوجوان نسل کو [illegible] کی رہنمائی کرنی ہوگی اور [illegible] مہمان اعزاز [illegible] لیکن اپنی قوم کی کارکردگی [illegible] ہمیں اپنی نوجوان نسل کو انقلابیوں کی جنت سے نکال کر حقیقتوں کی جنت میں لانا ہوگا اور اخلاق و کردار کی تربیت دینی ہوگی۔ پروفیسر قاسم جلال اور عمران علی صدر پریس کلب لودھراں نے بھی خطاب کیا اور سید تابش الوری کی ادبی و سیاسی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ افضل الرحمٰن نے اپنا مضمون پڑھا، اشرف خان نے نظامت کی۔ آخر میں مشاعرہ ہوا جس میں سید تابش الوری، ڈاکٹر قاسم جلال، ناصر عبدالمطلب، علی زیدی، عاطف نصیر، اشرف خان، صوفی افضل، تصور حسین، ڈاکٹر نعیم اے آر ساغر، نصیب سیال، قمر سجاد اور دیگر نے اپنا کلام سنایا۔

بقیہ 10

درخواست دی کہ دالبازار انجمن کی مدت ختم ہوئی ہے جس پر نئے الیکشن کے لئے کمیٹی تشکیل دی ہے۔ آئین مرکزی انجمن تاجران کی رو سے تاجر ایک ماہ کے اندر متعلقہ الیکشن کے انعقاد کی ہدایت دی۔

بقیہ 11

چیئرمین میاں احسن کمال اور اراکین الیکشن کمیٹی آفتاب خان، سید احسن شاہ، زاہد بھائی اور عبداللہ رضوی نے کاغذات درست قرار دیے چونکہ خالد محمود رند کے علاوہ کسی اور امیدوار نے کاغذات جمع نہیں کرائے تھے لہٰذا انہیں مدت چار سال کے لئے صدر انجمن تاجران یونیورسٹی چوک بہاولپور بلامقابلہ منتخب قرار دیا۔ مرکزی صدر سید اسرار حسین نے نو منتخب صدر کو مبارکباد پیش کی اور الیکشن کمیٹی کی کارکردگی کو سراہا یاد رہے کہ خالد محمود رند مسلسل دوسری مرتبہ بلامقابلہ صدر منتخب ہوئے ہیں۔

بقیہ 12

تاجران، خالد محمود رند جنرل سیکرٹری مرکزی انجمن تاجران، چوہدری منظور احمد سرپرست انجمن تاجران یونیورسٹی چوک، چوہدری اشفاق بٹ صدر انجمن تاجران ایئرپورٹ روڈ شامل تھے جبکہ صوبائی ناظم تنظیم اسلامی مفتی محمد کاشف، صاحبزادہ محمد ریاض اور احسن گیلانی نے بھی چرچ کا دورہ کیا۔ چرچ کی جانب سے فادر ناصر ولیم ثناء اللہ، فادر یونس شہزاد نے استقبال کیا۔ اس موقع پر سید اسرار حسین، ڈاکٹر نصر اللہ ناصر اور ملک کامران نے کہا کہ جماعت اسلامی سانحہ جڑانوالہ کی شدید مذمت کرتی ہے۔ جڑانوالہ میں قرآن پاک کی بے حرمتی کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ اس میں ملوث ملزم کو پولیس فوری گرفتار کر لیتی تو سانحہ جڑانوالہ رونما نہ ہوتا۔ پولیس اور مقامی انتظامیہ نے مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کیا ہے۔ سانحہ جڑانوالہ پنجاب حکومت کی نااہلی اور مکمل ناکامی ہے۔ نگران حکومت پنجاب کو ایسے افسوسناک واقعات کو روکنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کو فوری حرکت میں لانا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کا احترام اور ان کے جان و مال کے حقوق کا تحفظ جماعت اسلامی کے منشور میں شامل ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ سانحہ جڑانوالہ میں مقامی انتظامیہ اور پولیس کی مجرمانہ غفلت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اگر پولیس بروقت کارروائی کرتی تو ایسا سانحہ نہ ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ جڑانوالہ کی تحقیقات کے لیے جوڈیشل کمیشن قائم کیا جائے جو اس افسوسناک واقعہ میں ملوث شرپسند عناصر کو بے نقاب کرے اور ان کو عبرتناک سزا دلوائے۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان اور دفاع پاکستان میں مسیحی برادری نے اہم کردار ادا کیا۔ قومی پرچم میں سفید رنگ اقلیتوں کی نمائندگی کرتا ہے۔ جماعت اسلامی مسیحی برادری کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ یہ پورا واقعہ ایک منظم سازش کا نتیجہ تھا۔ پاکستان میں پرامن رہنے والی اقلیتوں، مسلمان آبادی میں اشتعال اور نفرت کا بیج بونے کی گھناؤنی سازش کی گئی، جس میں بھارتی خفیہ ایجنسی را کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، ہر زاویہ سے تحقیقات کی جائیں تاکہ آئندہ اس قسم کے واقعات سے بچا جا سکے۔ سید اسرار حسین شاہ نے کہا کہ سانحہ جڑانوالہ جیسے واقعہ پر ہم شرمندہ ہیں ایسے واقعات مسلمانوں اور مسیحی برادری کو لڑانے اور پاکستان کے امن و امان کو تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہیں۔ حکومت کو ایسے افسوسناک واقعات سے بچنے کے لیے اور ان کو مستقبل میں ایسے واقعات کو روکنے کیلئے سب کو مل کر موثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ مفتی محمد کاشف اور ممبر احسن گیلانی، صاحبزادہ محمد ریاض اویسی نے کہا کہ جڑانوالہ واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، اسلام کے نام پر وجود میں آنے والے پاکستان میں ایسے افسوسناک واقعات کی کوئی گنجائش نہیں ہے، ایسے واقعات کی مستقل روک تھام کیلئے جامع پالیسی مرتب کرنا ہوگی۔ پاکستان ان اقلیتوں کے لئے پرامن ملک ہے۔ جہاں 76 برسوں سے انہیں مکمل آزادی حاصل ہے۔ بد قسمتی سے جڑانوالہ سانحہ میں 19 چرچ اور 86 مکانات کو نذر آتش کیا گیا ہے۔ مسیحی برادری سمیت تمام اقلیتوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، اس افسوسناک واقعہ کو بھول نہیں سکتے۔ یہ ایک بڑا سانحہ ہے، شرپسندوں کو گرفتار کر کے قانون کے شکنجے میں لایا جائے۔ پوری قوم کے لئے یہ واقعہ باعث افسوس، قابل مذمت اور باعث ندامت ہے۔ پنجاب حکومت واقعے کا فوری نوٹس لے کر قانون ہاتھ میں لینے والوں کو قانون کی گرفت میں لائے، مقامی آبادی کو تحفظ دیا جائے، جلائے جانے والے چرچ اور گھروں کی بحالی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 13

کرتے ہوئے حسین احمد مدنی نے کہا کہ اسلام کی تعلیمات میں انسانیت سے محبت کا درس دیا جاتا ہے۔ اسلام دیگر مذاہب اور ان کی مقدس کتابوں کا احترام اور مقدس مقامات کے تحفظ کا ضامن ہے جو بھی عناصر اس طرح کی دہشت گردی میں ملوث ہیں یہ ریاست پاکستان کا فرض ہے انہیں قرار واقعی سزا دی جائے ایسے لوگ کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور صوبائی صدر پی پی مخدوم سید احمد محمود نے پارٹی کی تنظیموں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ اپنے مسیحی بھائیوں سے اظہار یکجہتی کریں اور پارٹی کا پیغام پہنچائیں کہ پیپلز پارٹی کل بھی، آج بھی اور مستقبل میں بھی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہمیشہ اپنا بھرپور کردار ادا کرتی رہے گی۔ آخر میں فادر یونس نے پیپلز پارٹی کے وفد کا شکریہ ادا کیا کہ اس دکھ کی گھڑی میں پیپلز پارٹی نے مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی کیا۔

بقیہ 14

رانا نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے حاضرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مستحکم پاکستان ہی علاقائی و عالمی امن کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقوام عالم کو پاکستان کے علاقائی مسائل کے حل میں اپنا اہم کردار ادا کرنا چاہیے۔ طلباء و طالبات نے تقاریر میں قیام پاکستان کے اغراض و مقاصد، پاکستان کی آزادی اور استحکام پاکستان کی منزل کے حصول کے لئے عزم کا اظہار کیا۔ ملی و قومی نغموں کے مقابلے بھی تقریب کا حصہ تھے۔ دیگر مقررین نے بھی اظہار خیال کیا اور پاکستان کے حصول کے لیے اکابرین تحریک پاکستان کی انتھک جدوجہد آزادی اور مسلمانان برصغیر کی بے شمار قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔ سینئر رجسٹرار ڈاکٹر عدنان اور ڈاکٹر جاوید اقبال رانا نے تقریری مقابلے میں حصہ لینے والے طلباء و طالبات میں انعامات و اسناد تقسیم کیں۔

بقیہ 15

کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال تو کیا جاتا ہے مگر معاشرے کی بگڑتی صورتحال کو سنبھالنے کی فکر کہیں نظر نہیں آتی۔ درانہ صدیقی نے کہا کہ خواتین اور بچیوں پر تشدد، بے حرمتی اور معصوم بچوں کے ساتھ غیر انسانی فعل کے واقعات پر قابو پانے کے لئے معاشرے کی تربیت کے ساتھ اس منزل کے محرکات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چائلڈ لیبر کے قوانین کو فعال کیا جائے، ان پر عمل درآمد کروایا جائے اور مجرمان کو سخت سزائیں دی جائیں تاکہ اس طرح کے واقعات کا فوری سد باب کیا جا سکے۔

بقیہ 16

اندر واپس کردیں تاکہ انہیں غیر موثر بنایا جا سکے۔ میں نے ان سے کئی بار تصدیق کی کہ آیا وہ واپس جا چکے ہیں اور مجھے یقین دلایا گیا کہ وہ جا چکے ہیں۔ صدر عارف علوی نے مزید کہا کہ مجھے آج پتا چلا کہ میرا عملہ میری مرضی اور حکم کے خلاف گیا، اللہ سب جانتا ہے، وہ ان شاء اللہ معاف کردے گا۔ میں ان لوگوں سے معافی مانگتا ہوں جو اس سے متاثر ہوں گے۔ آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل کے مطابق اگر کوئی شخص جو جان بوجھ کر امن عامہ کا مسئلہ پیدا کرتا ہے، ریاست کے خلاف کام کرتا ہے، ممنوعہ جگہ پر حملہ کرتا یا نقصان پہنچاتا ہے جس کا مقصد براہ راست یا بالواسطہ دشمن کو فائدہ پہنچانا ہے تو وہ جرم کا مرتکب ہوگا۔ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت ملزم کا ٹرائل خصوصی عدالت میں ہوگا اور خصوصی عدالت 30 دن کے اندر سماعت مکمل کر کے فیصلہ کرے گی۔ آرمی ترمیمی بل کے مطابق کوئی بھی فوجی اہلکار ریٹائرمنٹ، استعفیٰ یا برطرفی کے 2 سال بعد تک سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا جبکہ حساس ڈیوٹی پر تعینات فوجی اہلکار یا افسر ملازمت ختم ہونے کے 5 سال تک سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا۔ آرمی ترمیمی ایکٹ کے مطابق خلاف ورزی کرنے والے اہلکار کو 2 سال تک قید بامشقت کی سزا ہوگی جبکہ حاضر سروس یا ریٹائرڈ فوجی اہلکار ڈیجیٹل، الیکٹرانک یا سوشل میڈیا پر کوئی ایسی بات نہیں کرے گا جس کا مقصد فوج کو بدنام کرنا یا اس کی تضحیک کرنا ہو۔ آرمی ایکٹ کے تحت کوئی حاضر سروس یا ریٹائرڈ اہلکار اگر فوج کو بدنام کرے یا اس کے خلاف نفرت انگیزی پھیلائے گا اسے آرمی ایکٹ کے تحت 2 سال تک قید اور جرمانہ ہوگا۔ متن کے مطابق سرکاری حیثیت میں حاصل شدہ معلومات جو پاکستان اور افواج کی سیکیورٹی اور مفاد سے متعلق ہوں افشا کرنے پر 5 سال قید بامشقت تک کی سزا ہو سکے گی۔ البتہ آرمی چیف یا بااختیار افسر کی جانب سے منظوری کے بعد غیر مجاز معلومات دینے پر سزا نہیں ہوگی۔

بقیہ 17

مملکت عارف علوی عمل کرنا ہے کریں۔ اخلاقیات کا تقاضا ہے کہ صدر مستعفی ہوں۔ صدر مملکت کے بیان پر مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ صدر علوی کھل کر بات کریں، اگر بلوں سے اختلاف تھا تو انہوں نے کیوں اپنے اعتراضات درج نہ کیے؟ بل یا بلوں کو بغیر کچھ لکھے واپس بھیجنے کا کیا مقصد تھا؟ عرفان صدیقی نے کہا کہ میڈیا پر خبریں آنے کے باوجود 2 دن کیوں چپ رہے؟ صدر مملکت ہونے کے ناطے بھی تو معاملہ اور الجھا دیا گیا اور اگر ان کا اسٹاف بھی ان کے بس میں نہیں تو مستعفی ہو کر گھر چلے جائیں۔ سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا کہ یہ بات ناقابل یقین ہے، اخلاقیات کا تقاضا ہے کہ صدر مستعفی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے مطابق زبانی حکم کو تصور نہیں کیا جاتا، اگر 10 روز میں صدر اعتراضات کے ساتھ بل واپس نہیں بھیجتے تو یہ منظور تصور کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر موثر انداز میں دفتری کام کرنے میں ناکام ہیں، اللہ جانتا ہے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ جس صدر کو یہ ہی نہیں پتہ کہ ایوان صدر میں کیا ہو رہا ہے وہ عہدے پر رہنے کا اہل ہی نہیں۔ صدر بیان دے رہے ہیں معافی مانگتے ہیں، بتائیں تو ان افسران کے خلاف کیا کارروائی کی۔ سابق وفاقی وزیر شیری رحمان نے صدر مملکت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کیا وہ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ان کی ناک کے نیچے کچھ طے ہوا اور دستخط کرتے ہیں؟ صدر کی وضاحت ان کے صدارتی منصب سنبھالنے کی اہلیت پر سوالیہ نشان ہے۔ اگر ایسا ہے تو صدر کو اس عہدے سے فوری طور پر مستعفی ہونا چاہیے۔ اگر آپ کا عملہ آپ کے کہنے میں نہیں تو آپ صدارتی منصب چھوڑ دیں۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت میں وہ صدر ہاؤس کو آرڈیننس فیکٹری کے طور پر چلاتے رہے، کیا اس وقت بھی آرڈیننس پر کوئی اور دستخط کر کے واپس کرتا تھا؟ صدر عارف علوی اپنے بیان کے بعد صدارت کے آئینی عہدے پر رہنے کے اہل نہیں رہے۔ جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد نے ایکس پر جاری پیغام میں لکھا کہ یہ تو ایک نیا پنڈورا باکس کھل گیا ہے، اگر صورتحال یہی ہے جیسا کہ صدر نے لکھا ہے تو یہ ریاست پاکستان، پارلیمنٹ اور قانون سازی کے ساتھ ساتھ 24 کروڑ پاکستانیوں کی توہین ہے۔ سینیٹر مشتاق احمد خان نے کہا کہ معاملات ایک دفعہ پھر عدالتوں میں جائیں گے، ملک کے اعلیٰ ترین منصب کے اس حال سے پاکستان کے حالات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اللہ پاکستان پر رحم فرمائے۔ پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری عمر ایوب نے اس پیشرفت کو انتہائی افسوسناک اور پورے نظام کے خاتمے کے مترادف قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی [illegible] اور آئین کی بالادستی کے لیے اٹھ کھڑا ہونا چاہیے۔

بقیہ 18

لے الیکشن کمیشن کو حلقہ بندیوں کیلئے اپنی تجاویز دے دیں۔ فافن اعلامیے کے مطابق تجویز میں کہا گیا کہ الیکشن کمیشن تمام انتخابی حلقوں کی مساوی آبادی پر تشکیل یقینی بنائے۔ فافن اعلامیے میں کہا گیا کہ حلقوں کے درمیان عدم مساوات آرٹیکل 25 کے خلاف ہے، جس کے مطابق تمام شہری برابر درجہ رکھتے ہیں۔ فافن تجاویز میں کہا گیا کہ الیکشن ایکٹ میں ترمیم کے بعد الیکشن کمیشن دفعہ 20-1 کے اس اصول سے بچ سکتا ہے۔ فافن نے الیکشن کمیشن کو دی گئی تجاویز میں کہا کہ گزشتہ حلقہ بندی میں قومی اسمبلی کے 82 حلقے ایسے تھے جن میں آبادی کا فرق 10 فیصد سے زیادہ تھا۔ فافن نے تجاویز دیں کہ الیکشن کمیشن حلقہ بندی کمیٹیوں کو پابند بنائے کہ وہ حلقوں کی آبادی کا فرق 10 فیصد سے زائد ہونے کی وجوہات تحریر کرے۔ فافن کے مطابق حلقہ بندی سیاسی طاقت کی تقسیم کا ایک مرکزی عمل ہے لہٰذا اسے آزادانہ، منصفانہ اور شفاف ہونا چاہیے۔

بقیہ 19

جاری بیان کے مطابق نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے اپنے آبائی علاقے کان مہترزئی ضلع قلعہ سیف اللہ میں منعقدہ ایک عوامی اجتماع سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جلد اپنے آبائی گاؤں کان مہترزئی کا دورہ کر کے شہریوں کو درپیش مسائل کا ذاتی طور پر جائزہ لوں گا اور ان کو حل کرنے کی کوشش کروں گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ علاقے کی تمام سیاسی قیادت، قبائلی عمائدین، علماء کرام، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کا جانب سے نگران وزیراعظم نامزدگی پر مبارکباد کیلئے مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے منتظمین کا بھی خصوصی طور پر مشکور ہوں۔ وزیراعظم نے کہا کہ کان مہترزئی، قلعہ سیف اللہ کو ملک کے دیگر علاقوں کے برابر لانے اور پسماندگی کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قلعہ سیف اللہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں ترقی کے عمل کو تیز کرنے، روزگار کی فراہمی اور امن و امان کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ تقریب میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، قبائلی عمائدین، علماء کرام، صحافیوں، زمینداروں، وکلا سمیت دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ 20

کے ہمراہ تھے۔ نگران وزیراعلیٰ نے اے ای جی چرچ کا دورہ کیا اور دعائیہ تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے دعا مانگی گئی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا کہ یہ ملک ہر پاکستانی کا ہے۔ مسلم، مسیحی، سکھ، ہندو سب ایک ہیں، ہم ہر مظلوم کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرسچن کے ساتھ ہیں۔ اے ای جی چرچ کی تعمیر و مرمت مکمل ہو چکی ہے۔ تزئین و آرائش کے بعد عبادت کیلئے کھول دیا گیا ہے۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ مسیحی برادری کی عبادت گاہوں کی مرمت اور بحالی کا کام جاری ہے۔ جڑانوالہ کے متاثرین کو 20-20 لاکھ روپے کی امداد کے چیک دیئے جائیں گے، جڑانوالہ واقعہ کے متاثرین کو انصاف ضرور دیں گے، ہماری پوری ٹیم دن رات کام کر رہی ہے۔ محسن نقوی نے چرچ کے باقی ماندہ کاموں کو جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ صوبائی وزراء، سینیٹر کامران مائیکل، بشپ آزاد مارشل، چرچ کے پادری اور دیگر حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 21

اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 75 کے مطابق جب کوئی بل منظوری کے لیے بھیجا جاتا ہے تو صدر مملکت کے پاس دو اختیارات ہوتے ہیں یا تو وہ بل کی منظوری دیں یا وہ مخصوص تحفظات کے ساتھ معاملہ پارلیمنٹ کو واپس بھیج دیں، آرٹیکل 75 صدر مملکت کو کوئی تیسرا آپشن فراہم نہیں کرتا۔ وزارت قانون نے کہا ہے کہ آرمی ایکٹ ترمیمی بل اور آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل کے معاملے میں کسی بھی اختیار پر عمل نہیں کیا گیا بلکہ صدر مملکت نے جان بوجھ کر منظوری میں تاخیر کی، بلوں کو تحفظات یا منظوری کے بغیر واپس کرنے کا اختیار آئین میں نہیں دیا گیا، ایسا اقدام آئین کی روح کے منافی ہے۔ اگر صدر مملکت کو بل پر تحفظات تھے تو وہ اپنے تحفظات کے ساتھ بل واپس کر سکتے تھے جیسا کہ انہوں نے ماضی میں کئی بار کیا۔ وزارت قانون نے مزید کہا ہے کہ وہ اس سلسلے میں ایک پریس ریلیز بھی جاری کر سکتے تھے، تشویش ناک امر ہے کہ صدر مملکت نے اپنے ہی عملے کو موردِ الزام ٹھہرانے کا انتخاب کیا، صدر مملکت کو اپنے عمل کی ذمہ داری خود لینی چاہیے۔

بقیہ 22

بھڑک اٹھی جس کے سبب 18 مسافر جاں بحق ہو گئے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق حافظ آباد کی تحصیل پنڈی بھٹیاں ایم فور کے قریب مسافر بس کو آگ لگ گئی، حادثہ مسافر بس کے ڈرائیور کے سو جانے کے باعث پیش آیا، بس آگے ایک پک اپ سے ٹکرانے کے بعد آگ لگی جس کے نتیجے میں 18 مسافر جاں بحق جب کہ 11 شدید زخمی ہو گئے۔ جھلسنے والے مسافروں کی شناخت کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈی پی او ڈاکٹر فہد حافظ آباد کا کہنا ہے کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والے 16 مسافروں کو تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال میں شفٹ کر دیا گیا ہے۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر عمر اصغر نے بتایا کہ اسپتال میں لائے گئے زخمیوں کی تعداد 8 ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بس حادثے میں زخمی ہونے والوں میں 26 سالہ عمر ثقلین فیصل آباد، عالیہ عمر 25 سال، انجلا عمر 18 سال، ساجد عمر 25 سال، صابر عمر 39 سال، منزہ عمر 34 سال، عمیر عمر 10 سال، مسکان عمر 14 سال، ابیہا عمر 20 سال جبکہ عثمان کی عمر 15 سال ہے شامل ہیں۔ بس حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں ایک ہی خاندان کے 6 افراد بھی شامل ہیں، بد قسمت فیملی کا تعلق جلالپور بھٹیاں سے ہے، فیملی میں میاں بیوی اور بچوں سمیت چھ افراد شامل تھے، میاں بیوی ایک بیٹی اور بیٹا جاں بحق جبکہ دو بچیاں زخمی ہوئیں، جاں بحق میں عمر، اس کی بیوی اور دو بچیاں شامل ہیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ریسکیو ٹیمیں پانچ منٹ کے اندر پہنچ گئی تھیں۔ حادثے میں زخمی ہونے والوں میں کراچی، خیرپور، فیصل آباد، جلالپور بھٹیاں اور پنڈی بھٹیاں کے مسافر شامل تھے۔ ڈی ایس پی احسان ظفر حافظ آباد نے بتایا کہ مسافر بس کراچی سے اسلام آباد جا رہی تھی، ڈیزل والی گاڑی کو ٹکرانے کے بعد آگ لگی، حادثہ صبح ساڑھے 4 بجے کے قریب پیش آیا جب کہ ایک گھنٹے کی محنت کے بعد آگ پر قابو پایا گیا۔ گاڑی میں سوار بچ جانے والے مسافر نے بتایا کہ بس کا ڈرائیور رحیم یار خان میں تبدیل ہوا جب کہ پنڈی بھٹیاں ایم 3 پر ٹول پلازہ کے قریب گاڑی کا پہیہ پھٹ گیا۔

بقیہ 23

نے ملاقات کی ہے۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں سینیٹر ارباب عمر فاروق کاسی نے وزیراعظم کو وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں سینیٹر عمر ارباب کاسی نے وزیر اعظم کو بلوچستان میں حالیہ بارشوں سے پیدا ہونے والی سیلابی صورتحال پر بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے سبی روڈ اور دیگر شاہراہوں پر ٹریفک حادثات سے بچاؤ کیلئے ان کی از سر نو بحالی کی ضرورت سے بھی آگاہ کیا۔ نگران وزیر اعظم نے سینیٹر ارباب کاسی کو علاقے کے تمام مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی ہے۔

بقیہ 24

بغیر دستخط کے قانون کا کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوتا، صدر کہتے ہیں میرے دستخط نہیں تو اس کا ثبوت ہونا چاہیے، جب تک دستخط کے حوالے سے کوئی بات ثابت نہیں ہو جاتی تو یہ قانون رہے گا۔ لگتا ہے صدر نے پارٹی کے فائدے کیلئے یہ قدم اٹھایا ہے۔ [illegible] صدر نے اس ٹوئٹ سے اپنی پوزیشن کو متنازع بنا لیا ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے جسٹس ریٹائرڈ شائق عثمانی نے کہا کہ صدر بل بغیر ریمارکس کے واپس نہیں کر سکتے، صدر کو بل سے متعلق تحفظات تھے تو ریمارکس ڈالنے چاہیے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بل پر کوئی دستخط ضرور موجود ہوں گے جس کی بنیاد پر قانون بنایا گیا، اب دیکھنا یہ ہے کہ کون سے دستخط تھے۔ بغیر دستخط کے قانون کا کوئی نوٹیفکیشن بھی جاری نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ تعجب کی بات ہے صدر کہتے ہیں میں نے دستخط نہیں کیے۔ [illegible] دستخط کے ساتھ [illegible] اس میں اضافہ کیا تصور ہے۔ جسٹس (ر) شائق عثمانی نے کہا کہ صدر کہتے ہیں میرے دستخط نہیں تو اس کا ثبوت ہونا چاہیے، صدر کے دستخط کی تصدیق ہونی چاہیے یہ ایکسپرٹ ہی کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ثابت ہو جاتا ہے کہ دستخط جعلی ہے تو آگے کے قانونی کارروائی ہو سکتی ہے۔ جب تک دستخط کے حوالے سے کوئی بات ثابت نہیں ہو جاتی تو یہ قانون رہے گا۔ قانونی پہلوؤں پر بات کرتے ہوئے جسٹس (ر) شائق عثمانی نے کہا کہ صدر نے آرٹیکل 75 کے تقاضے پورے نہیں کیے، سب سے اہم بات یہ ہے صدر بغیر ریمارکس کے بل واپس نہیں بھیج سکتے۔ انہوں نے کہا کہ لگتا ہے صدر نے پارٹی کے فائدے کیلئے یہ قدم اٹھایا، [illegible] صدر نے اس ٹوئٹ سے اپنی پوزیشن کو متنازع بنا لیا ہے۔

بقیہ 25

قریشی کے ریمانڈ کی سماعت کو عدالت نے ان کیمرہ ڈیکلیئر کیا، ایف آئی اے کی جانب سے شاہ محمود قریشی کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی۔ شاہ محمود قریشی پر سائفر میں موجود اطلاعات غیر مجاز افراد تک پہنچانے کا الزام ہے۔ سابق وزیر خارجہ کے خلاف آفیشل سیکرٹ ایکٹ کی دفعہ 5 اور 9 لگائی گئی۔

بقیہ 26

مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے جڑانوالہ پہنچے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے بحال کیے گئے چرچ کا دورہ کیا اور مسیحی برادری کی دعائیہ تقریب میں شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت تاریخ میں پہلی بار پنجاب کابینہ کا اجلاس چرچ میں منعقد ہوا جس میں متاثرہ خاندانوں کے لئے 20 لاکھ روپے فی کس مالی امداد کی منظوری دی گئی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے چرچ میں بشپس اور پادریوں سے ملاقات کی اور انہیں انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے دانش سکول جڑانوالہ میں قائم ریلیف کیمپ میں متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کیمپ میں موجود ہر خاندان کے پاس گئے اور ان سے ریلیف کیمپ میں فراہم کردہ سہولتوں کے بارے دریافت کیا۔ متاثرہ خاندانوں نے ریلیف کیمپ میں کھانے پینے کے انتظام اور دیگر سہولتوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ محسن نقوی نے متاثرین کے مسائل پوچھے اور انہیں دلاسہ دیا۔ محسن نقوی نے مسیحی برادری کے متاثرہ خاندانوں کو یقین دہانی کرائی کہ اگلے 48 گھنٹے میں ہر متاثرہ خاندان کو 20 لاکھ روپے کی مالی امداد دی جائے گی۔

بقیہ 27

ڈسٹرکٹ بھی سکھائی جائے گی۔ یہ سیٹ اپ اپنی نوعیت کا جنوبی وزیرستان کا پہلا منفرد انسٹی ٹیوٹ ہے اور ابھی یہاں 52 طلباء زیر تعلیم ہیں۔ پاک فوج نے جدید کمپیوٹرز اور انٹیجنٹ اسکرین کی مدد سے سیکٹر کو جدید طرز پر قائم کیا۔ جنوبی وزیرستان کے نوجوان کمپیوٹر کی تعلیم و تربیت کے لیے ٹانک اور ڈی آئی خان جاتے تھے۔ نوجوانوں اور علاقے کے مشیران نے انسٹی ٹیوٹ کے قیام پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ 28

(نے اسد عمر کی گرفتاری کی تصدیق کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز ایف آئی اے کی ٹیم نے تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو اسلام آباد سے گرفتار کیا تھا۔ شاہ محمود قریشی کو سائفر کیس میں گرفتار کیا گیا تھا۔ علاوہ ازیں توشہ خانہ کیس میں گرفتار چیئرمین پاکستان تحریک انصاف کو بھی گزشتہ روز سائفر گمشدگی کیس میں گرفتار کر لیا گیا تھا۔

بقیہ 29

[illegible] مزدوروں کو دہشتگردی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ شمالی وزیرستان میں ہونے والی بربریت میں ملوث دہشتگرد گروہوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے۔ عارف علوی نے کہا کہ پاکستان میں امن خراب کرنے کی سازشیں کامیاب نہیں ہوں گی، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف متحد ہے۔ انہوں نے کہا کہ [illegible] متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہے، دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 30

اور سیاسی بن گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر (ایکس) پر اپنے پیغام میں سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ اگر ایک مہینے میں فی 37 روپے پٹرول کی قیمت بڑھ جائے، بجلی اور آٹے کی قیمت ایک ہزار ہو جائے اور بجلی کا بنیادی یونٹ 55 روپے فی یونٹ پر پہنچ جائے تو کوئی حکومت کریڈٹ نہیں لے سکتی۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی اور معاشی حالات سنگین اور گھمبیر ہوتے جا رہے ہیں، مسئلہ عوام کی تکلیف ریلیف پر ہے، غریب کا جینا اجیرن ہو رہا ہے اور عوام کی مشکلات کم ہوتی نظر نہیں آ رہیں۔ شیخ رشید کا کہنا تھا کہ 16 مہینے میں شہباز شریف بطور وزیر اعظم نواز شریف کو نہیں لا سکے اب خود ان کے پاس لندن چلے گئے ہیں۔ دبئی اور لندن میں ہونے والی ساری سیاسی بیٹھکیں بے نتیجہ ثابت ہوئی ہیں اور سارے منصوبے فضا ہو گئے ہیں۔ جڑانوالہ واقعہ سے متعلق سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ اس واقعہ نے ساری دنیا کے میڈیا میں پاکستان کو رسوا کر دیا ہے۔

بقیہ 31

وزیرستان میں دہشت گردانہ حملے کے بارے میں جان کر دل دہل گیا ہے۔ اپنے بیان میں نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے اتوار کو شمالی وزیرستان میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر وزیراعظم نے کہا کہ شمالی وزیرستان میں دہشت گردانہ حملے کے بارے میں جان کر دل دہل گیا ہے جس میں 11 بے گناہ مزدوروں کی جانیں گئیں۔ تشدد کے احمقانہ عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 32

تین افراد ابھی زندہ اور دو شدید زخمی ہوئے جن کی حالت تشویشناک ہے۔ ڈی ایس پی تھانہ شوال شیر اللہ کے مطابق گاڑی میں کل 16 مزدور سوار تھے، زخمیوں اور لاشوں کو قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اسپتال انتظامیہ کے مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت صحبت اللہ، صحابہ نور، جنت اللہ، اسد اللہ خان، میر ولی خان، مقبول جان، شیر زاہد، سید مانور، محمد ایاز، محمد ولی، گل حسین کے ناموں سے ہوئی جبکہ زخمیوں میں عمر زاہد، عمر آباد شامل ہیں۔ جاں بحق ہونے والوں کا تعلق جنوبی وزیرستان سے ہے، جن کی لاشوں کو آبائی علاقے منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 33

ں ناکام ہو چکی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ توہین رسالت قانون کی آڑ میں اقلیتوں کے خلاف انتقامانہ امتیازی رویہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ان کو کھلے دریغ سے شہری بنایا جا رہا ہے۔ اکرم گل نے کہا کہ سانحہ جڑانوالہ کے ظالموں نے نہ صرف مسیحیوں کے گھروں کو جلایا بلکہ چرچوں اور بائبل مقدس کو بھی جلایا اور بے حرمتی کی لہٰذا ظالمان کے خلاف A-295 اور B-295 کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے اور انہیں عمر قید تک سزا دی جائے۔ اکرم گل نے کہا کہ اگر ریاست نے اقلیتوں کے چرچوں اور جان و مال کا تحفظ یقینی نہ بنایا تو کیا ہم اقلیتیں پاکستان سے الگ صوبے کا مطالبہ کریں گی۔

بقیہ 34

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 باقر حسین، ڈی ای او ہیلتھ ڈاکٹر تنویر شاہ، ڈائریکٹر لائیو سٹاک سیلین بخاری، ایکسین محکمہ انہار اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ گورنر جناب محمد بلیغ الرحمن نے کہا کہ دریائے ستلج کے سیلابی پانی کے پہلے ریلے سے ضلعی انتظامیہ موثر حکمت عملی کی بدولت بہتر طریقہ سے نمٹی اور ممکنہ سیلاب سے نبرد آزما ہونے کے لئے ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کی جانب سے موثر منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دریائی علاقوں کے مکین پریشان نہ ہوں اور انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کو یقینی بنائیں تاکہ انہیں مکمل طور پر ریلیف فراہم کرتے ہوئے ان کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن ڈاکٹر احتشام انور نے اس موقع پر گورنر جناب محمد بلیغ الرحمن کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ دریائی علاقے کی آبادیوں کو ان کے مال مویشیوں سمیت محفوظ علاقوں کی طرف منتقل کیا جا رہا ہے اور اب تک 76 ہزار سے زائد افراد کو ممکنہ سیلاب کے علاقے سے محفوظ آبادیوں میں منتقل کیا جا چکا ہے۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے بتایا کہ دریائی علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کے لئے ریسکیو اینڈ ریلیف کیمپس بھی قائم کر دیئے گئے ہیں۔ نیز دریائی علاقے کے آبادکاروں اور ان کے مال مویشی و فصلات کا سروے بھی مکمل کیا جا چکا ہے۔ گورنر پنجاب نے ہدایت کی کہ دریائی علاقے کی آبادیوں کو ممکنہ سیلابی ریلے سے محفوظ رکھنے کے لئے تمام محکمہ جات مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں اور اس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ علاقے کے 30 سے زائد بند و پشتوں کی مضبوطی قائم رکھنے کے لئے بھی موثر اقدامات کئے جائیں۔ دریں اثناء گورنر جناب محمد بلیغ الرحمن نے علاقے کے لوگوں سے ملاقات کی اور ان کے مسائل سنے اور انہیں مکمل حکومتی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 35

ہے۔ گوادر پرو کے مطابق جنرل ایڈمنسٹریشن آف کسٹمز آف چائنا (جی اے سی سی) نے پاکستان سے خشک مرچوں کی درآمد کی باضابطہ منظوری دے دی ہے جو دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات میں ایک قابل ذکر پیش رفت ہے۔ یہ فیصلہ جاری ہونے والے ایک پروٹوکول میں تفصیل سے پاکستانی مرچوں کے لیے غذائیت سے متعلق ضروریات کا خاکہ پیش کرتا ہے۔ یہ منظوری خاص طور پر پاکستان میں اگائی جانے والی اور انسانی استعمال کے لئے پراسیس شدہ مرچوں سے متعلق ہے۔ یہ اقدام وسیع چینی مارکیٹ میں ان مرچوں کے داخلے کی نشاندہی کرتا ہے، جیسا کہ سرکاری اعلان میں اجاگر کیا گیا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق پروٹوکول درآمد شدہ مرچ کے معیار اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے کئی شرائط مقرر کرتا ہے۔ ان میں ایک منظم رجسٹری فریم ورک، مرچ کی کاشت اور پراسیسنگ اداروں کے لئے لازمی رجسٹریشن، کیڑوں پر قابو پانے کے اقدامات اور برآمد پروٹوکول کی تکمیل شامل ہے۔ مزید برآں، پیکیجنگ کو مخصوص معیارات پر پورا اترنا ہوگا اور مرچوں کو پاکستان اور چین پہنچنے پر سخت معائنہ کے طریقہ کار سے گزرنا ہوگا۔ گوادر پرو کے مطابق چائنا پاکستان ایگریکلچرل اینڈ انڈسٹریل انفارمیشن پلیٹ فارم (سی پی آئی آئی سی) سے بات کرتے ہوئے پاک چائنا سرخ مرچ کنٹریکٹ فارمنگ میں شامل سی ایم سی گروپ کے تجارتی جیان لونگ نے حالیہ پیش رفت کے بارے میں معلومات سے آگاہ کیا۔ یہ اعلان چین اور پاکستان کے درمیان مشترکہ کوششوں کی نشاندہی کرتا ہے۔ ان کوششوں کا مقصد ترسیلات کو یقینی بنانا ہے، جو معیار اور حفاظتی معیارات کو برقرار رکھنے کے لئے انتہائی اہم ہے۔ جیان نے کاروباری اداروں کے لئے اس کے امکانات پر بھی زور دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ معیارات کو پورا کرنے سے نہ صرف چینی مارکیٹ تک رسائی حاصل ہوتی ہے بلکہ کاروباری اداروں کو دیگر پریمیم مارکیٹوں کے لیے مسابقتی پوزیشن بھی ملتی ہے۔ وسیع تر مضمرات پر روشنی ڈالتے ہوئے، جیان نے تجویز دی کہ اس طرح کی پیش رفت پاکستان میں دیگر شعبوں کو بین الاقوامی مارکیٹوں میں قدم رکھنے کی ترغیب دے سکتی ہے، جو ان کی پیداوار کے قدری معیار اور افزائش سے فائدہ اٹھا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تھرڈ پارٹی سروس فراہم کرنے والوں کے لئے بھی ایک نعمت ہے تاکہ کاشتکاروں کو پیداوار اور معیار میں اضافہ کرنے میں مدد ملے۔

بقیہ 36

کے بعد کنٹرول روم تک پہنچایا جائے گا۔ حادثے میں زخمی ہونے والے 12 افراد کو نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ابراہیم مراد نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں بس کمپنی مالکان کی جانب سے گاڑیوں کی فٹنس کا مکمل خیال نہیں رکھا جاتا۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ ہمیں ایسا لائحہ عمل بنانے کی ضرورت ہے جس کے تحت کسی بھی ان فٹ بس یا ویگن کو پنجاب و دیگر صوبوں کی حدود میں داخل ہونے سے روکا جائے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں روزمرہ کی بنیاد پر گاڑیوں کی فٹنس چیک کرنے والے میکنزم اور مخاطرات بھی زیادہ قابل قبول نہیں ہوتے۔ ایسے ذرائع سے سفر کرنے والی تمام گاڑیوں کی فٹنس 100 فیصد ہونی چاہیے۔ ابراہیم مراد نے کہا کہ آج موٹروے پر ہونے والے 18 قیمتی جانوں کے نقصان پر بہت افسوس ہوا، اللہ جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ صبح قریب 4 بجے شہزادہ کمپنی کی بس 33 سواریوں کے ہمراہ کراچی سے اسلام آباد جا رہی تھی کہ شارٹ سرکٹ کے باعث بس میں آگ لگ گئی جس کے باعث بس میں موجود ڈبوں میں [illegible] جس میں ایرانی پیٹرول لے جایا جا رہا تھا۔

بقیہ 37

دکھ اور رنج کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے جاں بحق افراد کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار تعزیت بھی کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ صدر مملکت نے جاں بحق افراد کیلئے دعائے مغفرت کی اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا۔ اپنے بیان میں نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے پنڈی بھٹیاں کے قریب مسافر بس میں آتشزدگی کے نتیجے میں قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس کیا ہے اور زخمیوں کو طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے پنڈی بھٹیاں کے قریب مسافر بس کو پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے اللہ تعالیٰ سے جاں بحق افراد کے لیے دعائے مغفرت، بلندی درجات اور اہل خانہ کے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے متعلقہ اداروں کو زخمیوں کو ہر ممکن بہترین طبی سہولیات کی ہدایات جاری کیں۔ چیئرمین سینیٹ نے متعلقہ اداروں اور انتظامیہ کو بھی ہدایات جاری کیں کہ مستقبل میں اس طرح کے حادثات کی روک تھام کے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو بچایا جا سکے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی، سینیٹ میں قائد ایوان سینیٹر اسحاق ڈار اور قائد حزب اختلاف سینیٹر ڈاکٹر شہزاد وسیم نے بھی الگ الگ تعزیتی پیغامات میں مسافر بس کو پیش آنے والے حادثہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا۔ سابق وزیر اعظم اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے کراچی سے اسلام آباد جانے والی مسافر کوچ پر آتش زدگی اور اموات پر اظہار افسوس کیا ہے۔ سابق وزیر اعظم نے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں شریک ہیں۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے اور حقیقی اسباب کا تعین کیا جائے، تاکہ آئندہ ایسے حادثات سے بچا جا سکے۔ شہباز شریف نے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل دے۔ اپنے بیان میں نگران وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مرتضیٰ سولنگی نے کراچی سے اسلام آباد آنے والی مسافر کوچ کو پیش آنے والے حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حادثے میں جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب اس واقعہ پر بے حد غمگین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وجوہات کا تعین ہونا چاہیے تاکہ مستقبل میں ایسے حادثات سے بچا جا سکے۔ نگران وفاقی وزیر اطلاعات نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل دے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی بھی دعا کی۔ اپنے بیان میں نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے پنڈی بھٹیاں کے قریب بس حادثہ میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ محسن نقوی نے جاں بحق مسافروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ سرفراز احمد بگٹی نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا پنڈی بھٹیاں کے قریب موٹروے پر بس حادثے پر رنج و غم کا اظہار کیا اور کہا کہ المناک حادثے کی خبر سن کر صدمے میں ہوں، حادثے میں اپنے پیاروں کو کھونے والے خاندانوں کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حادثے کے زخمیوں کے بہتر علاج معالجے کو یقینی بنایا جائے، ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعاگو ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حادثے کے اسباب معلوم کرنے کے لیے تحقیقات کی جائیں، حادثات کی روک تھام کے لیے حکومت اور عوام کو اپنا اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر جمال شاہ نے پنڈی بھٹیاں میں مسافر بس کو آگ لگنے کی وجہ سے پیش آنے والے حادثے پر افسوس کا اظہار کیا۔ اپنے بیان میں جمال شاہ نے حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ ہم غمزدہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 38

کو بے توقیر کیا ہے، دستخط نہیں تو صدر کو گھر چلے جانا چاہیے۔ ن لیگی سینیٹر نے کہا کہ عارف علوی زیادہ ہوشیاری اور چالاکی نہ دکھائیں، موجودہ صدر مملکت پی ٹی وی پر حملے کا بھی مرکزی کردار ہیں۔

بقیہ 39

آف پاکستان پر [illegible] مالی جائے۔ صدر مملکت عارف علوی کے ٹوئٹ پر بیان دیتے ہوئے سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ صدر اور ان کے اسٹاف کو علیحدگی کی کمیٹی میں پیش ہونا چاہیے۔ رضا ربانی نے کہا کہ اگر صدر مملکت حقائق غلط پیش کرنے کے مرتکب پائے جائیں تو ان کے خلاف آئین اور قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ سینیٹر رضا ربانی نے کہا کہ صدر کے الزامات سنگین نوعیت کے ہیں جس کے نظام پر دوررس اثرات ہوں گے۔ دوسری جانب پاکستان پیپلز پارٹی کے ترجمان فیصل کریم کنڈی نے صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کے استعفے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ ایک انٹرویو میں فیصل کریم کنڈی نے صدر مملکت کی ٹوئٹ پر تبصرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ جس صدر کو یہی نہیں پتہ کہ ایوان صدر میں کیا ہو رہا ہے وہ عہدے پر رہنے کا اہل نہیں ہے۔ پی پی ترجمان نے کہا کہ صدر مملکت بیان دے رہے اور معافی مانگنے کے بجائے یہ بتائیں کہ ان افسران کے خلاف کیا کارروائی کی؟

بقیہ 40

پاکستان علماء کونسل اور چرچ آف پاکستان کے تحت قائم کی گئی 24 رکنی کمیٹی کا اعلان کر دیا گیا۔ کمیٹی کی سربراہی مشترکہ طور پر حافظ طاہر محمود اشرفی اور بشپ آزاد مارشل کریں گے۔ کمیٹی میں حافظ محمد طاہر محمود اشرفی، بشپ آزاد مارشل، بشپ ندیم انور، بشپ ارشد جوزف، منصور عباس، پادری غلام علی کھوکھر، جمیل عباس، پادری شہزاد گل، پادری غلام اسلم، بشپ لیونارڈ پال، بشپ ایلون سمویل، مفتی صہیب، ساحل ایڈووکیٹ، یورنیب الرحمن، صاحبزادہ حسان حسیب الرحمن، مولانا ضیاء اللہ شاہ بخاری، علامہ عارف واحدی، علامہ طاہر الحسن، مولانا اسعد اللہ فاروق، مولانا محمد اسلم صدیقی، فرزند اسلام، سردار اسمل ایڈووکیٹ، ساجد اقبال ایڈووکیٹ اور دیگر شامل ہیں۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر اشرفی نے ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو پر امن اور مستحکم پاکستان بنانے کیلئے لازم ہے کہ تمام طبقات ایک فعال اور بھرپور کردار ادا کریں۔ مسلم مسیحی قائدین کی 24 رکنی کمیٹی میں دیگر مذاہب کے سربراہوں کو بھی شامل کیا جائے گا۔ ہم معاشرے میں برداشت، رواداری اور تحمل پیدا کرنے کی کوشش کریں، مذاہب کے نام پر ذاتی اور سیاسی مقاصد حاصل کرنے کی کوششوں کی نفی کی جائے گی۔ توہین مذہب، توہین رسالت، توہین قرآن یا مذہب کے نام پر غیر قانونی اقدامات کو روکنے کیلئے ہر مذہب کے قائدین لوگوں کو فعال کرنے کی کوشش کریں گے۔ دریں اثناء پاکستان علماء کونسل نے جڑانوالہ سانحہ میں جن بچیوں کی شادی کا جہیز جلا دیا گیا ان کو جہیز مہیا کرنے کا اعلان کیا ہے اور اس سلسلہ میں انتظامات کریں گے۔

بقیہ 41

نے کہا کہ صدر مملکت موثر انداز میں دفتری کام کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ ن لیگی سینیٹر نے کہا کہ رولز آف بزنس کے مطابق سرکاری کام ہوتا ہے اور اس پر عملدرآمد بھی بتایا جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صدر مملکت کا آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ ترمیمی بل سے متعلق بیان ہی افراتفری کے مترادف ہے۔

بقیہ 42

مذہبی امور انیق احمد اور سعودی سفیر نے ان کا استقبال کیا۔ سعودی وزیر حج و عمرہ اپنے دورہ پاکستان کے دوران صدر مملکت عارف علوی اور نگران وزیر اعظم انوارالحق کاکڑ سے ملاقاتیں کریں گے۔ توفیق بن فوزان الربیعہ اپنے دورے میں آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے بھی ملاقات کریں گے۔ سعودی وزیر پاکستانی ہم منصب کے ساتھ تفصیلی مذاکرات بھی کریں گے، ملاقات میں حج و عمرہ سے متعلق امور زیر غور آئیں گے۔

بقیہ 43

پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط نہ کرنے کے صدر مملکت کے حالیہ بیان پر کہا ہے کہ صدر کو ایوان صدر کے اہلکاروں کے خلاف فوجداری اور تادیبی کارروائی شروع کرنی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں قانون دان اسامہ خاور نے بتایا کہ حکومت اور قومی اسمبلی سے منظور ہونے اور پھر صدر کے دستخط کے بعد بل کیسے قانون بن جاتا ہے، جو ہم جانتے ہیں۔ تازہ صورتحال میں اسامہ خاور نے کہا کہ قومی اسمبلی کی تحلیل کی وجہ سے صدر کو 'ناقابل تلافی' پوزیشن پر رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر وہ بل واپس کر دیتے تو وہ بنیادی طور پر انہیں ختم کر دیتے کیونکہ بل منظور کرنے کے لیے کوئی قومی اسمبلی نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ صدارتی منظوری کی جعلسازی کا مبینہ ارتکاب ہماری ریاست اور ریاست میں زوال کی ایک اور مثال ہے۔ یہ کئی حوالوں سے تشویشناک ہے۔ اسامہ خاور نے کہا کہ اگر صدر بھی جعلسازی سے محفوظ نہیں ہیں تو پھر ریاست کے لیے اچھا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں قوانین کی درستگی کو آئینی طور پر چیلنج کرنے کی صورت میں اب عدالت کے پاس برقرار رکھنے کے لیے مضبوط قانونی بنیادیں موجود ہیں کہ آفیشل سیکرٹس (ترمیمی) ایکٹ 2023 اور پاکستان آرمی ایکٹ (ترمیمی) ایکٹ 2023 درست طریقے سے نافذ نہیں کیے گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ صدر کو ایوان صدر کے اہلکاروں کے خلاف فوجداری اور تادیبی کارروائی شروع کرنی چاہیے، پاکستان پینل کوڈ کے تحت جعلسازی ایک مجرمانہ جرم ہے اور اس کی سزا سات سال تک قید ہے۔ اسامہ خاور نے کہا کہ اس مسئلے کے بارے میں صدر کی بے بسی کا اندازہ اس وقت لگایا جائے گا جب وہ اپنے عملے کے خلاف مجرمانہ کارروائی شروع کرتے ہیں کیونکہ ان کی جمہوریت دشمن اور توسیع پسند قوانین کے متاثرین کے لیے صرف معافی مانگ لینا کافی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر کو اس جعلسازی کے بارے میں قانون سازی کی شاخوں بشمول سینیٹ اور اسپیکر کو [illegible] آفیشل گزٹ آف پاکستان میں شائع کرنے کو ایک طرف یہ واضح نہیں ہے کہ صدر کے طور پر ان کی رضامندی کے بغیر کیسے لیا جا سکتا ہے جس کا ذکر ان کا قانون کی شکل اختیار کر چکے ہیں۔ لہٰذا آگے [illegible] بیرسٹر ردا حسین نے کہا کہ آئین بلوں کی منظوری کا واضح طریقہ کار دیتا ہے اور بتایا کہ آرٹیکل 75 کیسے کام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 75 کے تحت صدر 10 دن کے اندر یا تو بل کی منظوری دے سکتے ہیں یا اس پیغام کے ساتھ پارلیمنٹ کو واپس بھیج سکتے ہیں کہ بل پر دوبارہ غور کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر صدر بل کو واپس کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو اس کے دو مراحل ہیں، پہلا مرحلہ آرٹیکل (1)75 (بی) کے تحت بل کو دوبارہ غور کے لیے پارلیمنٹ کو واپس کرتا ہے اور دوسرا مرحلہ پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بل پر دوبارہ غور کرتا ہے اور (ترمیم کے ساتھ یا بغیر) اسے آرٹیکل (2)75 کے تحت دوبارہ پاس کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ سمجھانے والی بات صرف ایک بار شروع ہوتی ہے جب بل پر دوبارہ غور کیا جاتا ہے اور آرٹیکل (2)75 کے تحت پارلیمنٹ کی مشترکہ نشست میں منظور کیا جاتا ہے، غیر دستخط شدہ بل کے ساتھ کوئی خود کار منظوری منسلک نہیں ہے۔ بیرسٹر ردا حسین نے کہا کہ صدر کا دعویٰ ہے کہ انہوں نے آفیشل سیکرٹ ایکٹ اور آرمی ایکٹ میں ترامیم پر دستخط اور منظوری نہیں دی، ان دونوں بلوں میں سے کسی پر بھی دوبارہ غور نہیں کیا گیا اور نہ ہی پارلیمنٹ نے مشترکہ اجلاس میں منظور کیا، اس معاملے میں کوئی رضامندی نہیں لی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ اگر صدر کے دعوے سچے ہیں، تو ان میں سے کوئی بھی قانون، قانون سازی کا درست حصہ نہیں ہے۔ بیرسٹر اسد رحیم خان نے کہا کہ آرٹیکل 75 کے تحت دی گئی ہوئی منظوری دوسری بار صدر کو بل بھیجنے سے متعلق ہے، نہ کہ پہلی بار۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ یہ پہلا دور تھا، اس لیے بل کی قانون میں منظوری کے لیے صدر کی واضح رضامندی ضروری تھی اور اس سے گریز ہے کہ آرٹیکل (1)75 (بی) کے تحت واپس کر دیا جائے۔

بقیہ 44

اعادہ کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کے عین مطابق صوبے میں تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے حقوق کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا اور ان کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کو نشان عبرت بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کابینہ نے فیصلہ کیا کہ سانحہ جڑانوالہ کے ملزمان کو جلد از جلد کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور عیسائی برادری سے تعلق رکھنے والے 94 خاندانوں کو ان کے گھروں کے نقصان کے عوض 20 لاکھ روپے فی کس معاوضہ اگلے 48 گھنٹوں میں ادا کر دیا جائے گا تاکہ ان کے نقصان کا فوری ازالہ ہو سکے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ آتشزدگی کا شکار ہونے والے دو چرچوں کی فوری بحالی کے بعد اب بقیہ چرچوں کی مرمت کا کام بھی فوری طور پر مکمل کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اگلے 48 گھنٹوں میں خود دوبارہ جڑانوالہ پہنچ کر متاثرین میں 20 لاکھ روپے فی کس کے حساب سے امدادی چیک تقسیم کریں گے۔ عامر میر نے کہا کہ دوسری جانب سانحہ جڑانوالہ کی تحقیقات تیزی سے جاری ہیں اور اس سازش کے پیچھے موجود اصل کرداروں کو جلد بے نقاب کر دیا جائے گا۔ پنجاب حکومت اپنے اس عزم پر قائم ہے کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کی روشنی میں عیسائی برادری سمیت تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والی اقلیتوں کو ان کے حقوق کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی اور ان کے ساتھ زیادتی کرنے والوں کا کڑا محاسبہ کیا جائے گا چاہے اس کے لیے کوئی بھی قیمت کیوں نہ ادا کرنی پڑے۔

بقیہ 45

واپس کرنی چاہیے تھی۔ صدر سے کوئی زبردستی دستخط کرا سکتا ہے اور نہ جعلی دستخط ہو سکتے ہیں، بلوں کو مقررہ وقت پر واپس نہیں کیا گیا اور جب انہوں نے ایکٹ کا درجہ اختیار کر لیا ہے تو اس کے پیچھے چھپنا چاہتے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ خان نے کہا کہ صدر مملکت جس منصب پر فائز ہیں انہوں نے اس کی توہین کی ہے، انہوں نے ایسا عمل کیا ہے جو ان کے منصب اور رتبے سے میل نہیں کھاتا، صدر کو چاہیے تھا کہ جیسا وہ کہہ رہے ہیں تو پھر اس کی انکوائری کا حکم دیتے، ذمہ داری کا تعین کرتے کہ کس نے ایسا کیا ہے اور اس کے خلاف ایکشن لیتے۔ [illegible] اور وہ معاملہ میڈیا کی زینت بنتا۔ ان سے متعلق تو پہلے ہی کہا جاتا رہا ہے کہ ایک جھوٹے بندے کو عہدے پر اور بہت بڑے آفس میں بٹھا دیا گیا ہے، اس اقدام سے اس منصب کی توہین کی گئی ہے۔ ملک، ریاست کو ایک مشکل اور آئینی بحران میں مبتلا کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر جواب دیں کہ یہ بات کیسے ثابت ہوئی، کس کی انکوائری میں ثابت ہوئی اور کس پر ذمہ داری عائد ہوئی، کیا صدر کے ٹوئٹ سے یہ معاملہ ثابت ہو جائے گا، اس میں تین آفس ہوتے ہیں جن میں ایک صدر مملکت، سیکرٹری، پرنسپل اور ایم ایس او ہوتا ہے، ان کے علاوہ چوتھا آدمی کون ہے، کون جھوٹ بول رہا ہے، [illegible] اس کا تعین کیا ٹوئٹ سے ہو جائے گا، یہ تو ریاست کو شرمندہ کرنے والا کام کیا ہے۔ [illegible] صدر مملکت کا عہدہ اتنا اہم اور حساس معاملہ ہے، اس سے پورے ملک میں کہرام مچ گیا، پوری دنیا میں ملک کی جگ ہنسائی ہوگی، یہ ٹوئٹ کے ذریعے اچھالنے کا معاملہ نہیں، انکوائری کرتے اور ذمہ دار کے خلاف لیگل پراسس شروع ہوتا تو پھر میڈیا کی خبر بنتی۔ انہوں نے کہا کہ کوئی صدر سے زبردستی دستخط کرا سکتا ہے نہ جعلی دستخط ہو سکتے ہیں۔ پہلے بھی تصدیق کرنی چاہیے تھی کہیں پتہ ہو کہ صدر کی توثیق بھی غلط ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت نے جو معافی والی بات کی ہے انہیں نہ ملک کا سسٹم معاف کرے گا نہ قوم معاف کرے گی بلکہ مجھے یقین ہے اللہ بھی انہیں معاف نہیں کرے گا۔ رانا ثناء اللہ خان نے کہا کہ صدر مملکت کہہ رہے ہیں کہ بلوں کو مقررہ وقت پر واپس کرنا ہے، انہیں مقررہ وقت پر واپس نہیں کیا گیا، اب انہوں نے ایکٹ کا درجہ اختیار کر لیا ہے اور اس کے حوالے سے آئین و قانون میں درج ہے تو اب اس کے پیچھے چھپنا چاہتے ہیں۔ انہیں مقررہ وقت پر واپس کرنا چاہیے تھا۔ انہوں نے کہا کہ بتایا جائے صدر مملکت کے خلاف [illegible] کسی اور نے کیا ہے، اگر ان کے عملے میں ایسا کوئی تھا تو اس کو نکال باہر کرتے۔ صدر مملکت یا وزیراعظم کے عملے میں انتہائی چھوٹے افسران ہوتے ہیں، یہ خاص اعتماد کے لوگ ہوتے ہیں۔ صدر مملکت کو ٹوئٹ نہیں کرنا چاہیے تھا بلکہ اس کی انکوائری کرنی چاہیے تھی اور ذمہ داری کا تعین کرنے کے بعد لیگل پراسس شروع ہوتا اور قانون اپنا راستہ لیتا۔

بقیہ 46

میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے مدت پوری کر لی، آئین کے مطابق 90 روز میں الیکشن ہونا چاہئیں۔ آرٹیکل 224 کی موجودگی کا سہارا لے کر الیکشن کا اعلان نہیں کیا گیا۔ سراج الحق نے کہا کہ پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی نے الیکشن کو ملتوی یا موخر کرنے کی سازش کی، الیکشن کمیشن اپنے فیصلے پر نظر ثانی اور فوری انتخابات کا اعلان کرے، نگران حکومت [illegible] کے بجائے شفاف الیکشن کرائے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ہمارا خیال تھا نگران حکومت میں عوام کو کچھ ریلیف ملے گا، ایک ہفتے کے دوران مہنگائی میں مزید 78 فیصد اضافہ ہوا ہے، گیس کی قیمت 72 فیصد بڑھ گئی، یوٹیلیٹی سٹورز پر چیزیں مہنگی کر دیں۔ سراج الحق نے کہا کہ مسائل کا حل عوام کے پاس ہے جو ووٹ سے اہل قیادت کا انتخاب کرے۔

بقیہ 47

جانوں کے نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے حادثہ میں جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور اس کی فوری انکوائری کا حکم دیا۔ انہوں نے اتوار کی شام تک ابتدائی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت بھی کی ہے۔ ترجمان این ایچ اے کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نگران وفاقی وزیر نے کہا کہ ایسے حادثات سے بچنے کے لیے پہلے بھی متعدد اقدامات کیے جا چکے ہیں، موٹروے پولیس کو ان اقدامات پر سختی سے عملدرآمد کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ شاہد اشرف تارڑ نے کہا کہ تفصیلی انکوائری رپورٹ آنے کے بعد ان اقدامات میں مزید بہتری لائی جائے گی۔ سانحہ کی اطلاع ملنے کے فوراً بعد وفاقی وزیر نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پنڈی بھٹیاں اور جائے حادثہ کا دورہ کیا اور زخمیوں کی عیادت کی۔ انہوں نے زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کی بھی ہدایات کی۔ ترجمان این ایچ اے کے مطابق این ایچ اے انتظامیہ اور ریسکیو ٹیموں نے حادثہ کے بعد سڑک کو ٹریفک کے لئے کھول دیا ہے۔

بقیہ 48

کی بات کرتا ہے اور احترام انسانیت کا حکم دیتا ہے۔ آئین پاکستان اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کا ضامن ہے۔ اگر کوئی بھی شخص توہین کا مرتکب پایا جاتا ہے تو ریاست کی ذمہ داری ہے کہ اس شخص کو کیفر کردار تک پہنچائے، [illegible] جڑانوالہ میں مسیحی برادری کی عبادت گاہوں اور ان کے مکانوں کو جلانا غیر شرعی عمل ہے۔ اسلام قطعاً ایسی اجازت نہیں دیتا، سانحہ جڑانوالہ واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ اس امر کا اظہار انہوں نے مسیحی برادری کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لئے تمام مذاہب کی شخصیات پر مشتمل وفد کے ہمراہ کرسچن کالونی عیسیٰ نگری دیگر مقامات کے دورے کے موقع پر میڈیا اور متاثرین سے گفتگو میں کیا۔ مولانا سید عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ جڑانوالہ کرسچن کالونی عیسیٰ نگری میں آ کر مکانات اور عبادت گاہوں کو جلا ہوا دیکھ کر میرا دل رنجیدہ ہو گیا ہے۔ ریاست اور ریاستی اداروں کے ہوتے ہوئے قانون کو ہاتھ میں لے کر سڑکوں پر عدالتیں لگانا اور فیصلے کرنا اسلام اور آئین پاکستان اس کی اجازت نہیں دیتا۔ قرآن کریم اور تمام الہامی کتب کی عزت و تکریم اور انبیائے کرام کے ناموں کا تحفظ ہم سب کے ایمان کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر چاہتے ہیں کہ ملک کے اندر بدامنی کو پیدا کیا جائے اور مسلم مسیحی فسادات کروا کر پاکستان کی قومی یکجہتی کو نقصان پہنچایا جائے۔ ہم ملک دشمن شرپسند عناصر کو بتانا چاہتے ہیں کہ ہم تمہاری ناپاک سازشوں کو نہیں چلنے دیں گے۔ ملک پاکستان ہم سب کا ملک ہے۔ ہم نے پاکستان کو استحکام اور متحد ہو کر پرامن پاکستان بنانا ہے۔ آج پوری قوم افواج پاکستان اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ اس موقع پر معروف مسیحی راہنما آرچ بشپ سیمسن شکر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم سانحہ جڑانوالہ کرسچن کالونی عیسیٰ نگری و دیگر مقامات پر مسیحی عبادت گاہوں اور مسیحی برادری کے گھروں کو آگ لگانے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ آئیے پاکستان کی سلامتی و تحفظ کیلئے ہم سب ایک ہیں۔ اس سانحہ جڑانوالہ پر پوری قوم دکھی ہے اور حکومت سے مطالبہ ہے کہ ملوث افراد کو سخت سزا دی جائے اور کسی ایسے شخص کو نہ چھوڑا جائے جس کا اس سانحہ سے کوئی تعلق ہے۔ حکومت پاکستان اور ریاستی ادارے تمام مذاہب کی عبادت گاہوں کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ آخر میں پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی و خوشحالی، قومی یکجہتی کیلئے اجتماعی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 49

کے مسودوں پر دستخطوں کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے صدر مملکت کے ٹوئٹ پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ ترجمان تحریک انصاف نے کہا ہے کہ صدر مملکت کی ٹوئٹ ہر لحاظ سے غیر معمولی، تشویش ناک اور ناقابل تصور ہے۔ صدر مملکت کی ٹوئٹ کے بعد پوری قوم میں بے چینی اور اضطراب کی لہر ہے۔ نام نہاد [illegible] کی ٹوئٹ نے رجیم چینج [illegible] جیسے مہلک ترین نقصانات کو قوم کے سامنے بے نقاب کر دیا۔ ترجمان نے کہا ہے کہ صدر مملکت کی ٹوئٹ کے مندرجات کا ہر زاویے اور ہر پہلو سے جائزہ لے رہے ہیں، ٹوئٹ کے مفصل جائزے کے بعد اپنا ردعمل قوم کے سامنے رکھیں گے۔

بقیہ 50

کو سیاسی مقاصد کے لئے استعمال تو کیا جاتا ہے مگر معاشرے کی بگڑتی صورتحال کو سنبھالنے کی فکر کہیں نظر نہیں آتی۔ درانہ صدیقی نے کہا کہ خواتین اور بچیوں پر تشدد، بے حرمتی اور معصوم بچوں کے ساتھ غیر انسانی فعل کے واقعات پر قابو پانے کے لئے معاشرے کی تربیت کے ساتھ اس منزل کے محرکات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چائلڈ لیبر کے قوانین کو فعال کیا جائے، ان پر عمل درآمد کروایا جائے اور مجرمان کو سخت سزائیں دی جائیں تاکہ اس طرح کے واقعات کا فوری سد باب کیا جا سکے۔

بقیہ 51

اندر واپس کردیں تاکہ انہیں غیر موثر بنایا جا سکے۔ میں نے ان سے کئی بار تصدیق کی کہ آیا وہ واپس جا چکے ہیں اور مجھے یقین دلایا گیا کہ وہ جا چکے ہیں۔ صدر عارف علوی نے مزید کہا کہ مجھے آج پتا چلا کہ میرا عملہ میری مرضی اور حکم کے خلاف گیا، اللہ سب جانتا ہے، وہ ان شاء اللہ معاف کردے گا۔ میں ان لوگوں سے معافی مانگتا ہوں جو اس سے متاثر ہوں گے۔ آفیشل سیکرٹ ترمیمی بل کے مطابق اگر کوئی شخص جو جان بوجھ کر امن عامہ کا مسئلہ پیدا کرتا ہے، ریاست کے خلاف کام کرتا ہے، ممنوعہ جگہ پر حملہ کرتا یا نقصان پہنچاتا ہے جس کا مقصد براہ راست یا بالواسطہ دشمن کو فائدہ پہنچانا ہے تو وہ جرم کا مرتکب ہوگا۔ آفیشل سیکرٹ ایکٹ کے تحت ملزم کا ٹرائل خصوصی عدالت میں ہوگا اور خصوصی عدالت 30 دن کے اندر سماعت مکمل کر کے فیصلہ کرے گی۔ آرمی ترمیمی بل کے مطابق کوئی بھی فوجی اہلکار ریٹائرمنٹ، استعفیٰ یا برطرفی کے 2 سال بعد تک سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا جبکہ حساس ڈیوٹی پر تعینات فوجی اہلکار یا افسر ملازمت ختم ہونے کے 5 سال تک سیاسی سرگرمی میں حصہ نہیں لے گا۔ آرمی ترمیمی ایکٹ کے مطابق خلاف ورزی کرنے والے اہلکار کو 2 سال تک قید بامشقت کی سزا ہوگی جبکہ حاضر سروس یا ریٹائرڈ فوجی اہلکار ڈیجیٹل، الیکٹرانک یا سوشل میڈیا پر کوئی ایسی بات نہیں کرے گا

بہاول پور گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن ضلع بہاول پور کے دریائی علاقہ ماڑی قاسم شاہ اور موجی والا بند کے دورہ کے موقع پر دریائے ستلج میں پانی کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں، سابق ایم پی اے ملک ظہیر اقبال چنڑ، کمشنر بہاول پور ڈاکٹر احتشام انور و دیگر ہمراہ ہیں

راولپنڈی، محکمہ ماحولیات کی اینٹی سموگ اور انسداد ڈینگی سرگرمیاں تیز

رواں برس سموگ اور ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر ایک کروڑ سے زائد جرمانے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) محکمہ ماحولیات راولپنڈی نے اینٹی سموگ اور انسداد ڈینگی سرگرمیاں تیز کر دیں۔ رواں برس سموگ اور ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر مجموعی طور پر ایک کروڑ 52 لاکھ 90 ہزار 5 سو روپے جرمانے کئے گئے۔ ٹریفک پولیس کے ساتھ مل کر 3812 گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی جن میں سے 3378 کے چالان 254 گاڑیاں بند کی گئیں اور 23 لاکھ 20 ہزار 500 روپے جرمانے کئے گئے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر فیلڈ ماریہ سلیم اور عملہ نے 169 بھٹہ خشت پر 100 خلاف ورزیاں پائی جانے پر ایک کروڑ روپے جرمانے کر دیئے۔ 56 ہسپتالوں کی چیکنگ کی گئی۔ 45 خلاف ورزیوں پر نوٹس جاری کئے گئے۔ 25 متعلقہ یونٹس کی چیکنگ بھی کی گئی جن میں سے 4 کو نوٹس جاری (بقیہ نمبر 1)

فری میڈیکل کیمپ
2023

محکمہ بہبود آبادی کی جانب سے چک نمبر 20 ڈی این بی بہاول پور میں فری میڈیکل کیمپ کے موقع پر مریضوں کا معائنہ کیا جا رہا ہے

سبسڈی ختم، آٹے کی قیمت میں ہوشربا اضافہ

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت صارفین کیلئے آٹے کے 10 کلو تھیلے کی قیمت 648 روپے ہے۔ اس سے قبل یوٹیلیٹی اسٹورز پر سبسڈی کے ساتھ 20 کلو آٹا 1296 روپے کا تھا

گزشتہ ہفتے بی آئی ایس پی کے سوا باقی صارفین کیلئے سبسڈی ختم کی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پیٹرولیم مصنوعات کے بعد نگران حکومت کی جانب سے یوٹیلیٹی اسٹورز پر سبسڈی واپس لینے سے 20 کلو آٹا 1544 روپے مہنگا ہو گیا۔ یوٹیلیٹی اسٹورز پر عام صارفین کیلئے آٹے کے 10 کلو کے تھیلے کی قیمت میں 772 روپے اضافہ کیا گیا جبکہ آٹے کی قیمت ملک میں آٹے کی اوسط قیمت سے بھی زیادہ ہو گئی۔ اسٹورز پر عام صارفین کیلئے آٹے کی نئی قیمت مقرر کر دی گئی جس کے مطابق اب 20 کلو آٹا 2840 روپے کا ہے۔ 20 کلو تھیلے کی اوسط قیمت 2824.73 روپے ہے۔ صارفین کیلئے یوٹیلیٹی اسٹورز پر آٹے کے 10 کلو تھیلے کی قیمت 1420 روپے مقرر کر دی گئی

بہاول پور: گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن ضلع بہاول پور کے دریائی علاقہ ماڑی قاسم شاہ اور موجی والا بند کے دورہ کے موقع پر بروئے کار لائے گئے حفاظتی اقدامات بارے بریفنگ لے رہے ہیں، سابق ایم پی اے ملک ظہیر اقبال چنڑ، کمشنر بہاول پور ڈاکٹر احتشام انور و دیگر ہمراہ ہیں

بہاول پور لودھراں سپیڈو بس کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے، گورنر

سپیڈو بس کو حکومت کی فراہم کردہ سبسڈی کے مطابق چلانے کے اقدامات کیے جائیں

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے ہدایت کی ہے کہ بہاول پور لودھراں سپیڈو بس کو بلا تعطل اور مستقل بنیادوں پر جاری رکھا جائے۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کمشنر بہاول پور ڈویژن کو ہدایت کی کہ سپیڈو بس کو حکومت کی فراہم کردہ سبسڈی کے مطابق چلانے کے لیے تمام اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ واضح رہے کہ لودھراں بہاول پور میں روزانہ 15 ہزار سے زائد افراد ایئر کنڈیشنڈ سپیڈو بس میں سفری سہولتوں سے بہرہ مند ہوتے ہیں۔

ابراہیم مراد اورنج لائن میٹرو ٹرین کے انارکلی سٹیشن کا دورہ

اورنج لائن میٹرو ٹرین میں روزانہ کی بنیاد پر ایک لاکھ سے زائد لوگ سفر کرتے ہیں

مہنگائی کے اس دور میں پبلک ٹرانسپورٹ عام عوام کے لیے بڑے ریلیف کا باعث ہے، صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ، لائیو سٹاک، مائنز و معدنیات پنجاب ابراہیم مراد نے اورنج لائن میٹرو ٹرین کے انارکلی سٹیشن کا دورہ کیا اور تمام انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ابراہیم مراد کا کہنا تھا کہ مہنگائی کے اس دور میں پبلک ٹرانسپورٹ عام عوام کے لیے بڑے ریلیف کا باعث ہے۔ اورنج لائن میٹرو ٹرین میں روزانہ کی بنیاد پر ایک لاکھ سے زائد لوگ سفر کرتے ہیں۔ لوگوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

مستحکم پاکستان ہی علاقائی و عالمی امن کی ضمانت ہے، ڈاکٹر عدنان

پاکستان ہمارے اسلاف کی جہد مسلسل، عزم صمیم اور بے شمار قربانیوں کا ثمر ہے

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) پاکستان ہمارے اسلاف کی جہد مسلسل، عزم صمیم اور بے شمار قربانیوں کا ثمر ہے۔ استحکام پاکستان کی منزل کے حصول کے لیے نوجوان نسل نے اہم کردار ادا کرنا ہے۔ یہ بات سینئر ریجنل ڈائریکٹر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ڈاکٹر عدنان نے جشن آزادی کے سلسلے میں منعقدہ طلباء و طالبات کے تقریری و ملی نغمات کے مقابلے کے اختتام پر صدارتی خطبہ میں کہی۔ ریجنل ڈائریکٹوریٹ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں منعقدہ تقریب میں چیف لائبریرین سنٹرل لائبریری بہاول پور ڈاکٹر جاوید اقبال (بقیہ نمبر 14)

آئی جی پنجاب سے سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز کی سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے سندھ پولیس کے زیر تربیت ڈی ایس پیز نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ سندھ پولیس کے زیر تربیت اے ایس پیز نے آئی جی پنجاب اور سینئر پولیس افسران کو اپنی تربیت و فیلڈ وزٹ کے تجربات بارے بریفنگ دی۔ آئی جی پنجاب نے سندھ پولیس کے زیر تربیت اے ایس پیز کو سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کروایا

پاکستان پیپلز پارٹی کے وفد کی جڑانوالہ میں سانحہ سولہ اگست کے متاثرین سے ملاقات

جو جڑانوالہ میں ہوا اس نے پوری دنیا کے مسلمانوں کا سر شرم سے جھکا دیا ہے، شیری رحمان

کیا اس دن کیلئے جناح نے پاکستان کی بنیاد رکھی تھی؟، سابق وزیر

جڑانوالہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے وفد نے جڑانوالہ میں سانحہ سولہ اگست کے متاثرین سے ملاقات اور گرجا گھروں کا دورہ کیا۔ وفد میں نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان، سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سید نیئر حسین بخاری، فیصل کریم کنڈی، ندیم افضل چن اور ملک رضا شامل تھیں۔ پیپلز پارٹی کے وفد نے 16 اگست سانحہ میں متاثرہ لوگوں سے ملاقات کی اور گرجا گھروں کا دورہ کیا۔ شیری رحمان نے کہا کہ ہم پیپلز پارٹی کی جانب سے اپنے جڑانوالہ کے بہن بھائیوں سے ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرنے آئے ہیں۔

شعبہ سیاسیات اسلامیہ یونیورسٹی اور پلڈاٹ کے درمیان مفاہمتی یادداشت

نوجوانوں کی تربیت اور انتخابی عمل میں شمولیت کے حوالے سے سرگرمیاں ہوں گی

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) شعبہ سیاسیات اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور اور پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈیویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی (PILDAT) کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب بغداد الجدید کیمپس میں منعقد ہوئی۔ وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر نوید اختر اور احمد خان سینٹر پریذیڈنٹ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈیویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔ معاہدے کی رو سے نوجوانوں کی تربیت اور انتخابی عمل میں شمولیت (بقیہ نمبر 7)

دریائی پٹی کی آبادیوں کی محفوظ مقامات پر منتقلی کا عمل تیزی سے جاری ہے، ظہیر انور

ممکنہ سیلاب سے متاثر ہونے والے مواضعات سے لوگوں اور ان کے مال مویشیوں کیلئے فلڈ ریلیف کیمپس میں میڈیکل اور لائیوسٹاک کیمپس بھی قائم کر دیئے گئے ہیں

دریائی علاقوں میں آباد لوگوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے لئے ضلع بھر میں 19 فلڈ ریلیف کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاول پور

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر بہاول پور ظہیر انور جپہ نے کہا ہے کہ دریائے ستلج میں ممکنہ سیلاب کی آمد سے قبل دریائی پٹی کی آبادیوں کی محفوظ مقامات پر منتقلی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے دفتر میں سیلاب سے بچاؤ کے حوالے سے بروئے کار لائے گئے حفاظتی اقدامات بارے بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ ڈپٹی کمشنر بہاول پور نے عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں اور مال مویشیوں سمیت محفوظ مقامات پر (بقیہ نمبر 2)

مہنگائی میں اضافہ، شرابیوں نے شراب سے بھرا ٹرک ہی لوٹ لیا

مہنگائی اتنی ہوگئی ہے کہ شرابیوں نے شراب سے بھرا ٹرک ہی لوٹ لیا

کوٹ ادو پل کلاسرہ کے قریب 177 پیٹیاں شراب کی لوٹ لی۔ تھانہ سٹی پولیس کوٹ ادو نے مقدمہ درج کر کے چوروں کی تلاش شروع کر دی ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مہنگائی اتنی ہو گئی ہے کہ شرابیوں نے شراب سے بھرا ٹرک ہی لوٹ لیا۔ کوٹ ادو پل کلاسرہ کے قریب 177 پیٹیاں شراب کی لوٹ لی۔ تھانہ سٹی پولیس کوٹ ادو نے مقدمہ درج کر کے چوروں کی تلاش شروع کر دی ہے۔ مہنگائی اتنی ہو گئی ہے کہ شرابیوں نے شراب سے بھرا ٹرک ہی لوٹ لیا کوٹ ادو پل کلاسرہ کے قریب 177 پیٹیاں شراب کی لوٹ لی۔ تھانہ سٹی پولیس کوٹ ادو نے مقدمہ درج کر کے چوروں کی تلاش شروع کر دی ہے

پاک فضائیہ کا راشد منہاس شہید کو انکے 52 ویں یوم شہادت پر خراج عقیدت

پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے ایک مختصر دستاویزی فلم جاری کر دی

اسلام آباد (یو پی اے) پاکستان کے بہادر سپوت، اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر پانے والے کم سن ترین پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید کے 52 ویں یوم شہادت کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے پاک فضائیہ کے شعبہ تعلقات عامہ نے ایک مختصر دستاویزی فلم جاری کر دی۔ پائلٹ آفیسر راشد منہاس شہید 17 فروری 1951 کو پیدا ہوئے۔ ملکی فضائی سرحدوں کی حفاظت کے جذبے سے سرشار راشد منہاس نے 14 مارچ 1971 کو پاک فضائیہ کے 51 ویں جی ڈی پی کورس (بقیہ نمبر 8)

جڑانوالہ واقعہ انتہائی افسوس ناک ہے، راجہ ساجد محمود عباسی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما راجہ ساجد محمود عباسی نے جڑانوالہ واقعہ کو بین الاقوامی سازش قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اقلیتوں کے ساتھ ہونے والے مظالم انتہائی افسوس ناک ہیں، ہم اور ہماری جماعت اس واقعہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ جڑانوالہ فیصل آباد میں جو کچھ ہوا اس پر پاکستان میں بسنے والے تمام مذاہب کے لوگ غمزدہ ہیں ہم اس کے ردعمل میں توہین مذہب کے ساتھ ساتھ مسیحوں کے گھروں اور گرجا گھروں پر حملوں کی بھی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔

عام انتخابات، جے یو آئی کا خیبر پختونخوا میں تمام نشستوں پر امیدوار کھڑے کرنے کا اعلان

پشاور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام نے خیبر پختونخوا میں آئندہ عام انتخابات میں قومی و صوبائی اسمبلی کی تمام نشستوں پر امیدوار کھڑے کرنے کا اعلان کر دیا۔ پشاور میں جے یو آئی کے صوبائی سیکرٹری اطلاعات عبدالجلیل جان نے کہا کہ صوبہ بھر کے اضلاع سے قومی و صوبائی اسمبلی کے امیدواروں کی حتمی فہرست اور اضلاع میں حلقہ وار پارٹی پوزیشن کی رپورٹ طلب کر لی۔ عبدالجلیل جان نے کہا کہ 14 اکتوبر کو تاریخ ساز مفتی محمود کانفرنس منعقد کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا

مری: ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس ڈاکٹر سید بلال حیدر آرٹ گیلری میں دستکاری اور پینٹنگ کی نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

پروفیسر ڈاکٹر نوید اختر وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور احمد خان سینٹر پریذیڈنٹ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈیولپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی کے ساتھ مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ کر رہے ہیں

انتخابات میں پنجاب میں بھی کامیابی حاصل کرینگے، فریال تالپور

آصف زرداری جلد لاہور آکر عام انتخابات کی تیاریوں کے حوالے سے سرگرمیوں کی نگرانی کریں گے

لاہور کے جنرل سیکرٹری جمیل منج کی فریال تالپور سے ملاقات، سیاسی صورتحال، پارٹی امور بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے پارٹی کی سینئر مرکزی رہنما فریال تالپور سے زرداری ہاؤس اسلام آباد میں ملاقات کی جس میں مجموعی سیاسی صورتحال اور پارٹی امور کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ آئندہ عام انتخابات میں مشاورت سے مضبوط امیدوار میدان میں اتارے جائیں گے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے فریال تالپور نے کہا کہ پیپلز پارٹی وفاق کی علامت جماعت ہے اس کی آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت چاروں صوبوں میں جڑیں ہیں ان شاءاللہ آئندہ عام انتخابات میں پنجاب میں بھی بھرپور کامیابی حاصل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کا فیصلہ ہے کہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں مضبوط امیدوار میدان میں اتارے جائیں گے اس بار نوجوانوں کو بھی ٹکٹ دیں گے جو اسمبلیوں میں پہنچ کر بے نظیر کے وژن کے مطابق ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کریں گے

پاکستان بیسویں صدی کا سب سے بڑا سیاسی معجزہ ہے۔ تابش الوری

لازوال قربانیوں کو دھیان میں رکھ کر ہمیں ملک کو بچانا اور بنانا ہے

بہاول پور (پ ر) پاکستان بیسویں صدی کا سب سے بڑا سیاسی معجزہ ہے جسے قائد اعظم نے حقیقت بنایا۔ لازوال قربانیوں کو دھیان میں رکھ کر ہمیں ملک کو بچانا اور بنانا ہے۔ ان خیالات کا اظہار مجلس ثقافت پاکستان کے زیر اہتمام ادبی (بقیہ نمبر 9)

اگر صدر مملکت کا اسٹاف بھی انکے بس میں نہیں تو مستعفی ہو جائیں، عرفان صدیقی

صدر علوی کھل کر بات کریں، اگر بلوں سے اختلاف تھا تو انہوں نے کیوں اپنے اعتراضات درج نہ کیے؟

میں اس پر دستخط کرنے کے حق میں نہیں تھا، ہاں یا نہ کے بغیر بل واپس بھیجنے کا کیا مقصد تھا؟

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ ن کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ اگر صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا اسٹاف بھی ان کے بس میں نہیں تو مستعفی ہو کر گھر چلے جائیں۔ اپنے بیان میں سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ صدر علوی کھل کر بات کریں، اگر بلوں سے اختلاف تھا تو انہوں نے کیوں اپنے اعتراضات درج نہ کیے؟ ہاں یا نہ کے بغیر بل واپس بھیجنے کا کیا مقصد تھا؟ عرفان صدیقی نے کہا کہ میڈیا پر خبریں آنے کے باوجود وہ دو دن کیوں چپ رہے؟ صدر مملکت نے آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط نہ کرنے کا انکشاف کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں اس پر دستخط کرنے کے حق میں نہیں تھا۔ عملے نے میری مرضی کے برخلاف قدم اٹھایا، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ خدا گواہ ہے کہ میں نے آفیشل سیکرٹ ایکٹ ترمیمی بل 2023 اور پاکستان آرمی ترمیمی بل 2023 پر دستخط نہیں کیے

انجمن تاجران ماڈل بازار بہاول پور کی الیکشن کمیٹی کی تشکیل

آئین کی رو سے چیئرمین کو ایک ماہ کے اندر منصفانہ الیکشن کے انعقاد کی ہدایت

بہاول پور (پ ر) انجمن تاجران ماڈل بازار بہاول پور کی الیکشن کمیٹی تشکیل دے دی گئی۔ مرکزی صدر سید اسرار حسین نے جوائنٹ قریشی چیئرمین حامد قریشی وائس چیئرمین نذیر حسین شاہ جنرل سیکرٹری یاسین قریشی ممبر اور محمد عمران ممبر شامل ہیں۔ سابق صدر اشفاق احمد نے (بقیہ نمبر 10)

صدر واضح کریں کہ عملے نے جعلی دستخط کیے؟ سربراہ پلڈاٹ کا سوال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈیولپمنٹ (پلڈاٹ) کے سربراہ احمد بلال محبوب نے کہا ہے کہ صدر مملکت عارف علوی واضح کریں کیا ان کے عملے نے جعلی دستخط کیے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ صدر مملکت نے بل واپس کیوں نہیں بھیجے؟

مرغبانی کے حوالے سے 21 اگست سے تربیتی کورس منعقد کیا جا رہا ہے

اس کورس کی کوئی فیس نہ ہوگی اور کورس کی تکمیل پر سرٹیفکیٹ بھی دیا جائے گا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ راولپنڈی میں مرغبانی کے حوالے سے 21 اگست سے ایک ہفتہ کا تربیتی کورس منعقد کیا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولٹری ریسرچ انسٹی ٹیوٹ مری روڈ شمس آباد راولپنڈی میں عوام کے لیے مرغبانی کے بارے میں ایک ہفتے کا کورس منعقد کروایا جا رہا ہے جو 21 اگست 2023 سے 25 اگست 2023 تک جاری رہے گا جس کے اوقات کار صبح (بقیہ نمبر 3)

پی ڈی ایم کے دور حکومت میں گاڑیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ریکارڈ

کاروں، جیپوں، پک اپ اور وین کی فروخت مالی سال 2023 کے دوران 55 فیصد کم ہوگئی

کراچی (این این آئی) گاڑیوں کی طلب میں کمی کے پیش نظر صارفین کی دلچسپی پر منفی اثر ڈالنے والے مختلف مسائل پر پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ذیلی کمیٹی کی مسلسل سرزنش کے باوجود اسمبلرز نے گزشتہ 16 ماہ کے دوران گاڑیوں کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پی ڈی ایم کے دور حکومت میں روپے کی قدر ڈالر کے مقابلے میں 58 فیصد کم ہوئی

پسنی، جھاڑیوں اور زیر زمین چھپائی گئی 1 ہزار کلو سے زائد چرس برآمد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز نے پسنی میں کارروائی کرتے ہوئے اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر لی۔ پسنی کلانچ میں جھاڑیوں اور زیر زمین چھپائی گئی چرس برآمد کی گئی۔ ترجمان کے مطابق کارروائی میں ایک ہزار 488 کلو اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد ہوئی ہے۔ منشیات سمندر کے ذریعے بیرون ملک اسمگل ہونا تھی۔

شادی کے بعد شعیب کے سسرال پہنچتے ہی میں نے اسے کہا خیر بڑا ابرا پھنسے ہو، فردوس عاشق

اسلام آباد (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کی ترجمان فردوس عاشق اعوان نے قومی کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر شعیب ملک کی شادی سے متعلق بتایا کہ شادی کے بعد شعیب کے سسرال پہنچتے ہی میں نے اسے کہا خیر بڑا ابرا پھنسے ہو۔ ایک انٹرویو میں فردوس عاشق نے بتایا کہ شعیب ملک کی شادی پر انہوں نے سونے کا تاج کرکٹ کے تحفے میں دیا تھا۔

پھولنگر: پرانی غلہ منڈی میں آتشزدگی سے تباہی کا منظر۔

خالد محمود انجمن تاجران یونیورسٹی چوک بہاولپور کے بلا مقابلہ صدر منتخب

خالد محمود رند کے علاوہ کسی اور امیدوار نے کاغذات جمع نہ کرائے ہیں

بہاول پور (پ ر) انجمن تاجران یونیورسٹی چوک بہاولپور کے انتخابات مکمل ہو گئے، ووٹران کی کل تعداد 219 ہے۔ 19 اگست 2023 دن تین بجے تک صدارتی کاغذات کا اجرا کیا گیا صرف ایک امیدوار خالد محمود رند نے کاغذات وصول کیے اور مقررہ وقت پانچ بجے سے پہلے جمع کرا دیے (بقیہ نمبر 11)

نالہ ڈیک سے اینٹی ٹینک مائن برآمد، بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا

نارووال (این این آئی) نالہ ڈیک سے اینٹی ٹینک مائن برآمد ہوئی ہے، بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا۔ بتایا گیا ہے کہ ظفروال کے قریب نالہ ڈیک سکروڑ کے مقام سے بھارتی ساختہ 18 پونڈ وزنی اینٹی ٹینک مائن برآمد ہوئی ہے۔ اطلاع ملنے پر بم ڈسپوزل سکواڈ نے موقع پر پہنچ کر مائن کو ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا ہے۔

غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے تک آپریشن جاری

غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مری کیپٹن (ر) قاسم اعجاز نے کہا ہے کہ غیر قانونی تعمیرات اور غیر قانونی تجاوزات کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا کسی کو آپریشن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق مری میں تین مقامات پر غیر قانونی تعمیرات (بقیہ نمبر 4)

گلگت، تاریخی مشن میں پہلے افغان کوہ پیما کی لاش کے ٹو سے برآمد

آخر 200 میٹر کی بلندی سے لاش کو نیچے لانا، ناقابل یقین حد تک مشکل اور پرخطر کام تھا جو کامیابی سے کیا گیا

گلگت (این این آئی) گزشتہ سال کے ٹو کیمپ 3 میں انتقال کرنے والے افغانستان کے پہلے کوہ پیما کی لاش برآمد کر کے اس کے آبائی ملک روانہ کر دی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسکردو سے تعلق رکھنے والے کوہ پیماؤں کی 6 رکنی ٹیم نے اس مشن میں حصہ لیا۔ گزشتہ برس جولائی میں افغانستان کا پہلا کوہ پیما علی اکبر 3 سال سے کے ٹو سر کرنے کی کوشش کر رہا تھا

بہاول پور: سینئر ریجنل ڈائریکٹر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ڈاکٹر عدنان نمایاں پوزیشن ہولڈر طالبہ کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں۔ چیف لائبریرین سنٹرل لائبریری بہاول پور ڈاکٹر جاوید اقبال، رانا امراو ہیں

گنڈا سنگھ والا مقام انتہائی اونچے، سلیمانکی کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب

اسلام کے مقام پر دریائے ستلج میں 22 اگست کو صبح 6 بجے سے اونچے درجے کا سیلاب آنے کا امکان ہے، قصور، اوکاڑہ، بہاولنگر، پاکپتن اور وہاڑی کے اضلاع کو خطرہ ہے

این ڈی ایم اے نے پی ڈی ایم اے کو ہدایت کی ہے کہ دریائے ستلج پر جی ایس والا، سلیمانکی اور اسلام کے نشیبی علاقوں کی آبادی کو بروقت پیشگی اقدامات کرے اور خطرے سے دوچار افراد کے انخلا کو یقینی بنائے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے کہا ہے کہ گنڈا سنگھ والا کے مقام پر دریائے ستلج میں انتہائی اونچے درجے جبکہ سلیمانکی کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سنٹر کے مطابق 21 اگست صبح 6 بجے سے بہت زیادہ سیلاب کی توقع ہے۔ اسلام کے مقام پر دریائے ستلج میں 22 اگست کو صبح 6 بجے سے اونچے درجے کا سیلاب آنے کا امکان ہے، قصور، اوکاڑہ، بہاولنگر، پاکپتن اور وہاڑی کے اضلاع کو خطرہ ہے۔

ملتان: سی پی او منصور الحق رانا گرجا گھر میں ہونے والی عبادت کے موقع پر سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

دستکاروں کی ترویج سے ہی یہ ملک ترقی کی منزلیں طے کرے گا۔ سید بلال

دستکار اور فنکار ہماری پہچان ہیں ان کے کام کو دنیا تک پہنچانا ہماری اولین ذمہ داری ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) مقامی ثقافت اور دستکاروں کی ترویج سے ہی یہ ملک ترقی کی منزلیں طے کرے گا۔ ہمارے دستکار اور فنکار ہماری پہچان ہیں ان کے کام کو دنیا تک پہنچانا ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل ڈاکٹر سید بلال حیدر نے پنجاب آرٹس کونسل مری کے زیر اہتمام منعقدہ مقامی مصوری اور دستکاری کی نمائش کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ نمائش میں ریحان جلیل، ستارہ فاطمہ، توریٰ ریاست حسین اور رشید کے تیار کردہ (بقیہ نمبر 5)

جماعت اسلامی، تاجران کے وفد کا مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی کیلئے چرچ کا دورہ

جماعت اسلامی سانحہ جڑانوالہ کی شدید مذمت کرتی ہے۔ سید ذیشان اختر، نصر اللہ ناصر

بہاول پور (پ ر) جماعت اسلامی، انجمن تاجران کے وفد کا سانحہ جڑانوالہ کے حوالے سے مسیحی برادری کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کے لیے مریم چرچ کا دورہ۔ جماعت اسلامی کے وفد میں سید ذیشان اختر نائب امیر صوبہ، امیدوار صوبائی اسمبلی پی پی 254 نصر اللہ خان ناصر امیدوار پی پی 253 ملک کامران امیدوار این اے 168 عرفان انجم اقبال بزدار، ملک عبدالخالق، عارف عاصم عبدالجلیل ہاشمی، جام نور شیر عابد مصطفیٰ، کاشف اعجاز شاہ اور انجمن تاجران کے وفد میں سید اسرار حسین صدر مرکزی انجمن (بقیہ نمبر 12)

چائلڈ لیبر کے قوانین کو فعال کیا جائے، دردانہ صدیقی کا مطالبہ

ملک میں معصوم بچوں اور بچیوں کے ساتھ پے در پے گھناؤنے واقعات تشویشناک ہیں

بہاول پور (پ ر) سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی پاکستان دردانہ صدیقی اور قائم مقام صدر جنوبی پنجاب شازیہ سہیل نے کہا کہ "انتہائی قابل افسوس امر ہے کہ گھریلو ملازمہ رضوانہ کے زخم ابھی مندمل نہیں ہوئے تھے کہ ایک اور 10 سالہ بچی فاطمہ زیادتی اور تشدد کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گئی۔ ملک میں معصوم بچوں اور بچیوں کے ساتھ پے در پے گھناؤنے واقعات تشویشناک ہیں۔ انہوں نے کہا افسوسناک بات یہ ہے کہ ان واقعات (بقیہ نمبر 15)

اقلیتوں کی عبادت گاہوں کو جلانے کی مذمت کرتے ہیں، عبادت گاہوں کی بحالی تک کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے، نیئر بخاری

جڑانوالہ (این این آئی) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سید نیئر بخاری نے کہا ہے کہ اقلیتوں کی عبادت گاہوں کو جلانے کی مذمت کرتے ہیں، عبادت گاہوں کی بحالی تک کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔

بس حادثے کی وجوہات کا تعین ضروری ہے، مریم نواز

مریم نواز نے فیصل آباد موٹر وے پر پنڈی بھٹیاں کے قریب پک اپ وین اور مسافر کوچ کے تصادم کے باعث ہونے والے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

بس حادثے کے زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ بس حادثے کی وجوہات کا تعین ضروری ہے۔ مریم نواز نے فیصل آباد موٹر وے پر پنڈی بھٹیاں کے قریب پک اپ وین اور مسافر کوچ کے تصادم کے باعث ہونے والے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں مریم نواز نے کہا کہ واقعہ پر انتہائی دکھ ہے، متاثرہ خاندانوں کے غم میں شامل ہیں، اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ اور پسماندگان کو صبر دے۔ مریم نواز نے کہا کہ بس حادثے کے زخمیوں کو علاج کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

بروقت انتخابات ہی سیاسی جماعت کا مطالبہ ہے، جے یو آئی

ہر صورت بروقت انتخابات چاہیے حلقہ بندیاں بروقت کیوں نہیں ہو سکیں اس کا بھی الیکشن کمیشن کو جواب دینا ہوگا

الیکشن کمیشن کا حلقہ بندیوں کی آڑ میں انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنا قوم کے ساتھ سنگین مذاق ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام لاہور کے امیر محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع، مولانا محمد عمیر سعید، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محب الرحمٰن نے کہا ہے کہ بروقت انتخابات ہی ہر سیاسی جماعت کا مطالبہ ہے 90 روز کے اندر ہی انتخابات کرائے جائیں اگر ایسا نہ کیا گیا تو ملک میں انتشار اور فسادات جنم لیں گے۔ الیکشن کمیشن کا حلقہ بندیوں کی آڑ میں انتخابات سے راہ فرار اختیار کرنا قوم کے ساتھ سنگین مذاق ہے۔ ہر صورت بروقت انتخابات چاہیے حلقہ بندیاں بروقت کیوں نہیں ہو سکیں اس کا بھی الیکشن کمیشن کو جواب دینا ہوگا

محکمہ بہبود آبادی نے چک نمبر 20/DNB میں فری میڈیکل کیمپ لگایا

قریبی آبادی کے مریضوں نے چیک اپ کروایا جن میں عورتوں اور بچوں کی کافی تعداد شامل تھی

بہاول پور (سٹاف رپورٹر) محکمہ بہبود آبادی ضلع بہاول پور کی جانب سے جشن آزادی کے موقع پر چک نمبر 20/DNB تحصیل یزمان میں ایک فری میڈیکل کیمپ لگایا گیا۔ کیمپ میں قریبی آبادی کے مریضوں نے چیک اپ کروایا جن میں عورتوں اور بچوں کی کافی تعداد شامل تھی۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر بہاول پور ڈاکٹر عطاء الرحمٰن نے مریضوں کا معائنہ کیا اور مریضوں کو ادویات مفت فراہم کی گئیں۔ فری میڈیکل کیمپ میں فلاحی مراکز کے سٹاف نے بھی خدمات انجام دیں۔ علاقہ کے لوگوں نے محکمہ کے (بقیہ نمبر 6)

جڑانوالہ کے خلیل عرفان نے مسیحی عبادت گاہوں اور مکانوں پر حملوں کے دوران اپنی جان داؤ پر لگا کر انسانیت کی لاج رکھ لی

جڑانوالہ (این این آئی) جڑانوالہ کے خلیل عرفان نے مسیحی عبادت گاہوں اور مکانوں پر حملوں کے دوران اپنی جان داؤ پر لگا کر انسانیت کی لاج رکھ لی۔ 16 اگست کو جب جڑانوالہ کی کرسچن کالونی میں بلوائیوں نے عبادت گاہوں اور مسیحی خاندانوں کے گھروں پر حملے کیے تھے

امیدوار قومی اسمبلی حسین مدنی کا مسیحی برادری سے یکجہتی کیلئے چرچ کا دورہ

اسلام کی تعلیمات میں انسانیت سے محبت کا درس دیا جاتا ہے۔ حسین احمد مدنی

بہاول پور (پ ر) پیپلز پارٹی بہاولپور کا وفد جس کی قیادت پیپلز پارٹی کے ممبر صوبائی کونسل و امیدوار قومی اسمبلی بہاولپور حسین احمد مدنی کر رہے تھے سانحہ جڑانوالہ پر مسیحی برادری سے اظہار یکجہتی کیلئے بہاولپور میں کیتھولک چرچ کا دورہ کیا۔ وفد نے فادر یونس مسیح اور مسیحی کمیونٹی سے دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ پاسٹر کمیٹی سے خطاب (بقیہ نمبر 13)

جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ کی قیادت میں سانحہ جڑانوالہ پر اسلام آباد میں احتجاجی مظاہرہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان سابق ممبر قومی اسمبلی لیاقت بلوچ نے سانحہ جڑانوالہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس واقعے سے پوری قوم کے دل دکھی ہیں

Daily SADA-E-PAKISTAN Rawalpindi
روزنامہ صدائے پاکستان راولپنڈی
پبلشر و چیف ایڈیٹر رانا عدنان نے یاسمین پرنٹنگ پریس سٹیڈیم روڈ سے چھپوا کر ایجنٹ پلازہ سید پور روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
051-4840034-0300-2874360